http://dailygawadarbusiness.com.pk
Email.dailygwadarbusiness@gmail.com
Member APNS
کراچی اور کوئٹہ سے بیک وقت شائع ہونے والا کثیر الاشاعت
Daily Gwadar Business Quetta
ABC Certified
روزنامہ گوادر بزنس کوئٹہ
جلد 22 | جمعہ 30 جولائی 2026ء | 16 صفر المظفر 1448ھ | قیمت 5 روپے | شمارہ 27

جب تک سب ساتھ نہیں بیٹھیں گے ملک ایسے ہی چلتا رہے گا، محسن نقوی

مزید صوبے یا انتظامی یونٹس بنانے کے معاملے کو قومی سطح پر بحث کا حصہ بنایا جائے

انتخابات کے دوران مختلف لوگ سیاسی نظام کو مالی معاونت دیتے ہیں، نظام کی اصلاح کے لیے اپنی آواز بھی بلند کریں، وفاقی وزیر داخلہ

انتظامی یونٹس کو عوامی سطح تک لے جانا ضروری ہے، کیونکہ جب تک مقامی سطح پر ذمہ داری اور اختیار نہیں ہوگا، مسائل کا موثر حل ممکن نہیں

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا ہے کہ پاکستان کے موجودہ مسائل کا حل صرف وقتی اقدامات سے ممکن نہیں بلکہ ملک کے بنیادی نظام کو جمہوری اصولوں کے مطابق درست کرنا ہوگا، جب تک نظام میں بنیادی اصلاحات نہیں کی جاتیں (بقیہ نمبر 1 صفحہ 3 پر)

اسحاق ڈار کی ترک وزیرِ خارجہ سے ٹیلیفون پر گفتگو

ملاقات میں اسلامی ممالک کا اجلاس بلانے کی تجویز پر تبادلہ خیال

اسلام آباد (این این آئی) نائب وزیر اعظم اور وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے ترکیہ کے وزیرِ خارجہ ہاکان فیدان سے ٹیلیفون پر گفتگو کی۔ جمعرات کو دفتر خارجہ کے مطابق دونوں (بقیہ نمبر 18 صفحہ 3 پر)

وزیر اعظم شہباز شریف کی زیر صدارت فاقی کابینہ کا اہم اجلاس (آج) ہوگا

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم شہباز شریف کی زیر صدارت وفاقی کابینہ کا اہم اجلاس (آج) جمعہ کو ہوگا۔ اجلاس میں قومی (بقیہ نمبر 2 صفحہ 3 پر)

آزاد کشمیر انتخابات، دوسرے مرحلے کی انتخابی مہم (آج) رات 12 بجے ختم ہو جائے گی

مقررہ وقت کے بعد ہر قسم کی انتخابی مہم، جلسہ، جلوس، ریلی اور کارنر میٹنگ پر پابندی ہوگی، الیکشن کمیشن

مظفر آباد (این این آئی) آزاد کشمیر کے عام انتخابات 2026 کے دوسرے مرحلے کیلئے انتخابی مہم 31 جولائی اور یکم اگست کی درمیانی شب 12 بجے ختم ہو جائے گی۔ (بقیہ نمبر 31 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد؛ صدر مملکت آصف علی زرداری سے وزیر داخلہ محسن نقوی ملاقات کر رہے ہیں

بلاول کی کشمیر میں شفاف الیکشن کے لئے پی ٹی آئی کو پیشکش

پی ٹی آئی بائیکاٹ ختم کرے، شفاف الیکشن کیلئے ان کے کارکنوں و رہنماں کی طرف ہاتھ بڑھا رہا ہوں، (ن) لیگ نے لاہور میں کام کیا ہوگا مگر آزاد کشمیر میں کچھ نہیں کیا

میں کشمیر کو پنجاب یا سندھ نہیں بنانا چاہتا، کشمیر کو آزاد کشمیر ہی دیکھنا چاہتا ہوں، الیکشن پر ڈاکہ ڈالا گیا تو وفاقی حکومت کی الٹی گنتی شروع ہو جائے گی، جلسہ سے خطاب

مظفر آباد (این این آئی) چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری نے خبردار کیا ہے کہ الیکشن پر ڈاکہ ڈالا گیا تو وفاقی حکومت کی الٹی گنتی شروع ہو جائے گی، (ن) لیگ نے لاہور میں کام کیا ہوگا مگر آزاد کشمیر میں کچھ نہیں کیا، میں کشمیر کو پنجاب یا سندھ نہیں بنانا چاہتا، کشمیر کو آزاد کشمیر ہی دیکھنا چاہتا ہوں، پی ٹی آئی بائیکاٹ ختم کرے اور شفاف الیکشن کیلئے ہمارا ساتھ دے۔ پیپلز پارٹی کے جلسے سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ الیکشن کے بعد ایک آئینی کنونشن (بقیہ نمبر 37 صفحہ 3 پر)

صدر زرداری سے محسن نقوی کی ملاقات، امن و امان کی صورتحال پر تبادلہ خیال

خیبر پختونخوا اور بلوچستان میں امن و امان کی موجودہ صورتحال اور دہشتگردی کے خلاف جاری اقدامات پر بریفنگ

ملک میں پائیدار امن کے قیام کیلئے پوری قوم اپنی سیکیورٹی فورسز کے ساتھ کھڑی ہے، صدر

کراچی (این این آئی) صدرِ مملکت آصف علی زرداری سے وفاقی وزیرِ داخلہ محسن نقوی نے ملاقات کی جس میں ملک کی مجموعی امن و امان کی صورتحال، خصوصاً خیبر پختونخوا (بقیہ نمبر 38 صفحہ 3 پر)

حساس انٹیلی جنس کی بنیاد پر کارروائی، 2 بارود بھری گاڑیاں تباہ، 4 دہشتگرد ہلاک

کارروائی بھارتی سرپرستی میں کام کرنے والی تنظیم "فتنہ الہندوستان" کے دہشتگردوں کی موجودگی کی اطلاع پر کیا گیا

علاقے میں دیگر دہشتگردوں کے خاتمے کے لیے کلیئرنس اور سرچ آپریشن جاری ہے، آئی ایس پی آر

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان کے ضلع خضدار میں سیکیورٹی فورسز نے انٹیلی جنس کی بنیاد پر کارروائی کرتے ہوئے دو بارود سے بھری گاڑیاں تباہ اور چار دہشت گرد ہلاک کر دیے، پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق کارروائی بھارتی سرپرستی (بقیہ نمبر 16 صفحہ 3 پر)

چیف جسٹس کے زبانی احکامات پر اب کوئی مقدمہ نہیں لگتا: رجسٹرار سپریم کورٹ

اسلام آباد (این این آئی) رجسٹرار سپریم کورٹ سہیل لغاری نے کہا ہے کہ چیف جسٹس کے زبانی احکامات پر اب کوئی مقدمہ نہیں لگتا، سپریم کورٹ میں مقدمہ ارلی ہیئرنگ یا فلسیشن پالیسی پر مقرر ہوتا ہے۔ سپریم کورٹ رجسٹرار (بقیہ نمبر 24 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد؛ وزیر اعظم شہباز شریف سے وفاقی وزیر صحت مصطفیٰ کمال ملاقات کر رہے ہیں

بجلی بلوں پر ٹیکس کی مد میں عوام سے 476 ارب روپے وصولی کا انکشاف

کل وصولیوں میں 351 ارب روپے سیلز ٹیکس جبکہ 124 ارب روپے انکم ٹیکس پر مشتمل ہیں

اسلام آباد (این این آئی) گزشتہ مالی سال کے دوران ایف بی آر نے بجلی کے بلوں میں مختلف ٹیکسوں کی مد میں 476 ارب روپے سے زائد کی خطیر رقم اکٹھی کی۔ نجی ٹی (بقیہ نمبر 23 صفحہ 3 پر)

مظفر آباد؛ چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی بلاول بھٹو جلسے سے خطاب کر رہے ہیں

معصوم شہریوں کو نشانہ بنانے والے صرف بلوچستان اور پاکستان کے دشمن ہیں

میر سرفراز بگٹی

معصوم پاکستانیوں کے خون کے ہر قطرے کا حساب لیا جائے گا اور دہشتگرد قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکیں گے

نہتے اور بے گناہ شہریوں کا قتل بلوچ روایات کا حصہ نہیں بلکہ فتنہ الہندوستان کے دہشتگردوں کی سفاک سوچ کی عکاسی کرتا ہے

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے ضلع کیچ میں فتنہ الہندوستان سے وابستہ دہشتگردوں کے ہاتھوں چھ بے گناہ مزدوروں کے بہیمانہ قتل کی شدید الفاظ میں مذمت (بقیہ نمبر 3 صفحہ 3 پر)

بشریٰ بی بی نے سزا معطلی کیلئے آئینی عدالت میں اپیل دائر کر دی

اسلام آباد (این این آئی) بشریٰ بی بی نے سزا معطلی کیلئے آئینی عدالت میں اپیل دائر کر دی ہے۔ بانی پی ٹی آئی عمران خان کی اہلیہ نے اپیل میں ٹرائل کورٹ کی دی گئی سزا معطل (بقیہ نمبر 5 صفحہ 3 پر)

اسلحہ ذخائر میں کمی کی خبر درست نکلی، امریکا نے پیٹریاٹ میزائلوں کی تیاری کا آرڈر دے دیا

ایران جنگ کے باعث امریکا کے اہم دفاعی ہتھیاروں کے ذخائر پر دباؤ بڑھ گیا ہے، امریکی حکام

واشنگٹن (این این آئی) ایران سے جنگ کے دوران متعدد بین الاقوامی میڈیا نے امریکی اسلحہ کے ذخائر میں کمی کی خبریں دی تھیں جس کی صدر ٹرمپ اور امریکی حکام نے (بقیہ نمبر 4 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد؛ وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی جناح کنونشن سینٹر میں پاکستان اکنامک سمٹ سے خطاب کر رہے ہیں

بیرون ملک مقیم پاکستانی اثاثہ ہیں، سہولیات کی فراہمی حکومت کی اولین ترجیح ہے، وزیر اعظم

کیو-آر (QR) کوڈ کے ذریعے بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کی شکایات کے اندراج کی ڈیجیٹائزیشن خوش آئند ہے، سفارتخانوں میں اسے آویزاں کر کے رسائی میں اضافہ کیا جائے

کیو-آر کوڈ کے ذریعے شکایات کے اندراج کے حوالے سے بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کیلئے خصوصی آگہی مہم چلائی جائے، اجلاس سے خطاب

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ بیرون ملک مقیم پاکستانی ہمارا قیمتی اثاثہ ہیں جنہیں ہر قسم کی سہولیات کی فراہمی حکومت کی اولین ترجیح ہے، کیو-آر کوڈ کے ذریعے شکایات کے اندراج کے حوالے سے بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کیلئے خصوصی آگہی مہم چلائی جائے۔ وزیر اعظم کی زیر صدارت اجلاس میں بتایا گیا کہ زیر اعظم کی ہدایات پر بیرون ملک (بقیہ نمبر 6 صفحہ 3 پر)

لاہور، خستہ حال 3 منزلہ مکان کی چھت گرنے سے 11 افراد جاں بحق، 6 زخمی

بھٹہ محمد دین کالونی سکھ نہر کے قریب 3 منزلہ مکان میں تین خاندان رہائش پذیر تھے، چھت دھماکے سے گر گئی

ڈپٹی کمشنر لاہور سمیت دیگر اعلیٰ افسران امدادی سرگرمیوں کی نگرانی کرتے رہے

لاہور (این این آئی) صوبائی دارالحکومت لاہور کے علاقے ہربنس پورہ میں خستہ حال 3 منزلہ مکان کی چھت گرنے سے خواتین اور بچوں سمیت ایک ہی خاندان کے 11 افراد جاں (بقیہ نمبر 19 صفحہ 3 پر)



لاہور؛ ریسکیو اہلکار ہربنس پورہ میں گرنے والے تین منزلہ مکان کا ملبہ ہٹانے میں مصروف ہیں

کوئٹہ اسپین کاریز میں کوئلہ کان میں دھماکا، 42 کان کن پھنس گئے، 9 لاشیں نکال لی گئیں

جمعرات کی سہ پہر اطلاع ملی کہ سورر بیچ میں مقامی کوئلہ کان میں میتھین گیس کے باعث دھماکا ہوا، محکمہ مائنز اور پی ڈی ایم اے

دیگر افراد کو ریسکیو کرنے کے لیے آپریشن جاری خصوصی آلات نہ ہونے کے باعث ریسکیو آپریشن میں مشکلات کا سامنا

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ کے نواحی علاقے سورر بیچ میں کوئلہ کان میں دھماکا 42 کان کن پھنس گئے 9 لاشیں نکال لی گئیں دیگر افراد کو ریسکیو کرنے کے لیے آپریشن جاری خصوصی آلات نہ ہونے کے باعث ریسکیو آپریشن میں مشکلات کا سامنا۔ محکمہ مائنز اور پی ڈی ایم اے حکام کے مطابق جمعرات کی سہ پہر اطلاع ملی کہ سورر بیچ میں مقامی کوئلہ کان میں میتھین گیس کے باعث دھماکا ہوا ہے جس کے بعد پی ڈی ایم اے، مائنز (بقیہ نمبر 29 صفحہ 3 پر)

پی ٹی آئی نے 5 اگست کو مینار پاکستان پر جلسے کیلئے ہائیکورٹ سے رجوع کر لیا

لاہور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف نے 5 اگست کو مینار پاکستان پر جلسے کیلئے لاہور ہائیکورٹ سے رجوع کر لیا۔ درخواست پی ٹی آئی لاہور کے صدر میاں عثمان اکرم کی (بقیہ نمبر 26 صفحہ 3 پر)

حکمرانوں نے آزاد کشمیر میں نفرتوں کے بیج بونا شروع کر دیئے، حافظ نعیم الرحمٰن

سات اگست سیاسی مزاحمت کا تاریخی دن، کراچی سے خیبر تک ملک جام ہوگا

فارم سنتالیس سے قابض مریم، بلاول ایک دوسرے کا پول کھول رہے ہیں

لاہور (این این آئی) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمٰن نے پٹرولیم لیوی، حکومت کی ظالمانہ معاشی پالیسیوں، مہنگائی اور بے تحاشا ٹیکسوں کے خلاف 7 اگست کو ملک گیر (بقیہ نمبر 25 صفحہ 3 پر)



یوکرین پر روس کے حملوں کے بعد لوگوں کی بڑی تعداد میٹرو اسٹیشن میں پناہ لے ہوئے ہے

عمران خان کی بہن نورین نیازی کی ایک ہفتے کیلئے حفاظتی ضمانت منظور

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے بانی پی ٹی آئی عمران خان کی بہن نورین نیازی کی این سی سی آئی اے کے درج مقدمے (بقیہ نمبر 27 صفحہ 3 پر)

وزیر اعظم سے وزیر صحت سید مصطفیٰ کمال کی ملاقات، وزارت بارے تبادلہ خیال

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم محمد شہباز شریف سے وفاقی وزیر قومی صحت (بقیہ نمبر 40 صفحہ 3 پر)

امریکی فوج کے ایران پر حملے کئی مقامات پر دھماکے، میاں بیوی اور 2 سالہ بچہ شہید

امریکا کی ایران پر شدید نوعیت کے فضائی حملوں کی لہر مکمل، پاسدارانِ انقلاب کے درجنوں اہداف کو نشانہ بنایا

امریکا نے ایران کی بحری ناکہ بندی مزید سخت کر دی، 20 سے زائد تجارتی جہاز واپس موڑنے کا دعویٰ

تہران/ واشنگٹن/ (این این آئی) امریکی فوج نے ایران پر حملہ کیا ہے، سینٹرل کمانڈ نے حملے کی تصدیق کر دی۔ سینٹرل کمانڈ کے مطابق یہ کارروائی ایران کی جانب سے مشرق وسطی میں ایرانی حملوں کی کوشش کے جواب میں کی گئی ہے۔ ایران کے جنوبی علاقوں میں کئی مقامات پر (بقیہ نمبر 7 صفحہ 3 پر)

تہران/ واشنگٹن/ (این این آئی) امریکی فوج نے ایران پر حملہ کیا ہے، سینٹرل کمانڈ نے حملے کی تصدیق کر دی۔ سینٹرل کمانڈ کے (بقیہ نمبر 8 صفحہ 3 پر)

آزاد کشمیر الیکشن کا دوسرا مرحلہ، مظفر آباد کے تین اضلاع اور 12 مہاجر نشستوں پر پولنگ 2 اگست کو ہوگی

مظفر آباد (این این آئی) آزاد کشمیر انتخابات کے دوسرے مرحلے کے لیے تیاریاں عروج پر پہنچ گئیں، مظفر آباد ڈویژن کے تین (بقیہ نمبر 10 صفحہ 3 پر)

وزیر اعلیٰ کی قیادت میں ڈیجیٹل سندھ کی طرف بڑی پیش رفت

سندھ میں محفوظ آئی سی ٹی انفراسٹرکچر اور ڈیجیٹل رابطے کے دائرہ کار کو مزید وسعت دی جائے گی، وزیر اعلیٰ سندھ

مراد علی شاہ کا جدید تین صوبائی ڈیٹا سینٹر کے قیام کا حکم، جامع منصوبہ تیار کرنے کی ہدایت

کراچی (این این آئی) وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے نیشنل ٹیلی کمیونیکیشن کارپوریشن (این ٹی سی) کے ساتھ ایک اعلیٰ سطحی اجلاس میں سندھ میں جدید ترین صوبائی ڈیٹا (بقیہ نمبر 9 صفحہ 3 پر)

کراچی؛ خاتون اول آصفہ بھٹو زرداری مینگو ڈپلومیسی فیسٹیول میں اسٹال کا معائنہ کر رہی ہیں

عالمی منڈی میں خام تیل کی قیمتیں ایک بار پھر گراوٹ کا شکار

نیویارک (این این آئی) مشرق وسطی میں جاری کشیدگی اور امریکا۔ ایران تنازع کے باوجود عالمی منڈی میں ایک بار پھر خام (بقیہ نمبر 12 صفحہ 3 پر)

صدر زرداری کی ضلع ہنگو میں پولیس چیک پوسٹ پر فتنہ الخوارج کے دہشت گردوں کے حملے کی مذمت

اسلام آباد (این این آئی) صدرِ مملکت آصف علی زرداری نے ضلع ہنگو میں (بقیہ نمبر 13 صفحہ 3 پر)

پاکستان کا امریکا اور ایران کے درمیان بات چیت پر زور

فریقین کو اسلام آباد ایم او یو کی جانب دوبارہ لانے کی کوشش کر رہے ہیں

چند روز کی پرامن صورتحال کے بعد ایک بار پھر صورتحال پھر دگرگوں ہے، پاکستان کو اپنے جامع کمانڈ اینڈ کنٹرول سسٹم پر اعتماد ہے

پاکستانی سوشل میڈیا اکاؤنٹس پر پابندی لگانا بھارتی حکومت کی عدم برداشت کا مظہر ہے، ترجمان دفتر خارجہ

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان نے امریکا اور ایران کے درمیان بات چیت پر زور دیتے ہوئے کہا ہے کہ چند روز کی پرامن صورتحال کے بعد ایک بار پھر صورتحال پھر دگرگوں ہے، پاکستان کو اپنے جامع کمانڈ اینڈ کنٹرول سسٹم پر اعتماد ہے، مغربی ایشیا کی صورتحال پر اظہار تشویش کرتے ہوئے کہا ہے کہ چند روز کی پرامن صورتحال کے بعد پاکستان کا نیوکلیئر کمانڈ اینڈ کنٹرول سسٹم بین الاقوامی معیار کے مطابق ہے، (بقیہ نمبر 11 صفحہ 3 پر)

عراق نے سعودی عرب پر حملے میں اپنی سرزمین کے استعمال کا ثبوت مانگ لیا

بغداد (یو این اے) عراق نے سعودی عرب پر حملے میں اپنی سرزمین کے استعمال کا ثبوت مانگ لیا۔ عراقی مسلح افواج کے (بقیہ نمبر 14 صفحہ 3 پر)

لاہور؛ امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمٰن منصورہ میں پریس کانفرنس کر رہے ہیں

جاپان میں 7.1 شدت کے زلزلے سے ہلاکتیں 30 ہو گئیں

ٹوکیو (این این آئی) جاپان میں 2 روز قبل آنے والے 7.1 شدت کے زلزلے کے نتیجے میں ہلاک ہونے والے شہریوں کی (بقیہ نمبر 28 صفحہ 3 پر)

ہنگو، پولیس چیک پوسٹ پر دہشتگردوں کا حملہ، 10 اہلکار شہید، 28 زخمی

حملے کے بعد جوابی آپریشن میں 15 دہشت گرد ہلاک جبکہ متعدد زخمی ہو گئے ہیں، آئی جی خیبر پختونخوا

پشاور (این این آئی) خیبر پختونخوا کے ضلع ہنگو کی خزینہ بانڈہ چوکی پر آج فتنہ الخوارج کے دہشت گردوں نے بھاری ہتھیاروں سے حملہ کیا جس کے نتیجے میں ڈی ایس پی سمیت (بقیہ نمبر 41 صفحہ 3 پر)

اڑان پاکستان کے تحت اصلاحات مزید تیز کی جائیں گی

احسن اقبال

موجودہ معاشی استحکام عوام کی قربانیوں، بہتر مالی نظم و ضبط اور موثر معاشی فیصلوں کا نتیجہ ہے، وفاقی وزیر منصوبہ بندی، ترقی

آئندہ معاشی ترقی کا انحصار پیداواری صلاحیت، برآمدات، سرمایہ کاری، جدید ٹیکنالوجی اور نجی شعبے کے فعال کردار پر ہوگا

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی، ترقی، اصلاحات و خصوصی اقدامات پروفیسر احسن اقبال نے کہا ہے کہ غیر یقینی عالمی حالات، جغرافیائی کشیدگی، توانائی کی عالمی رسد میں رکاوٹوں اور تیل کی قیمتوں میں اتار چڑھاؤ کے باوجود پاکستان معاشی استحکام کے (بقیہ نمبر 30 صفحہ 3 پر)

حکومت کا غیر رسمی تعلیم کے وسیع پیمانے پر نافذ کرنے کا فیصلہ

حکومت نے اب سے مرکزی توجہ 9 سے 16 سال عمر کے بچوں کے پڑھائی پر مرکوز کر دی

کوئٹہ (خ ن) چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان کی زیر صدارت منعقدہ اجلاس میں صوبائی حکومت نے غیر رسمی تعلیم کے وسیع پیمانے پر نافذ کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ اجلاس میں طے پایا کہ 9 تا 16 سال کے 18 لاکھ بچے جو مختلف وجوہات کی بنا پر رسمی تعلیمی نظام (بقیہ نمبر 39 صفحہ 3 پر)

وزیر اعلیٰ کے پی کے سہیل آفریدی ہنگو میں پولیس شہداء کے درجات کی بلندی کیلئے دعا کر رہے ہیں

امریکی فوجیوں کے موبائل کے استعمال سے ایران کو معلومات ملنے کا انکشاف

واشنگٹن (این این آئی) مشرقِ وسطیٰ میں تعینات امریکی افواج کے اعلیٰ کمانڈر نے خبردار کیا ہے کہ فوجیوں کی جانب سے (بقیہ نمبر 32 صفحہ 3 پر)

دہشتگردوں نے بے گناہ مزدوروں کو شہید کر کے بدترین سفاکیت کا مظاہرہ کیا، وزیر داخلہ

لاہور (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے بلوچستان کے علاقے کیچ میں فتنہ الہندوستان کے دہشتگردوں کی جانب سے (بقیہ نمبر 33 صفحہ 3 پر)

زرغون روڈ پر غیر قانونی تجاوزات، اسٹالز اور پارکنگ ختم کی جائے

بلوچستان ہائیکورٹ

جاری ترقیاتی منصوبوں، ٹریفک مینجمنٹ، سڑکوں کی تعمیر، تجاوزات، نکاسی آب، ریلوے کراسنگ، سیف سٹی منصوبے اور ایف سی چیک پوسٹ سے متعلق متعدد اہم احکامات جاری

چیف جسٹس بلوچستان ہائیکورٹ جسٹس محمد کامران ملاخیل پر مشتمل دو رکنی بینچ کی آئینی درخواست کی سماعت کے دوران حکم

کوئٹہ (خ ن) چیف جسٹس عدالتِ عالیہ بلوچستان جسٹس محمد کامران خان ملاخیل اور جسٹس محمد نجم الدین مینگل پر مشتمل دو رکنی بینچ نے ایڈووکیٹ سید نذیر آغا کی آئینی درخواست کی سماعت کرتے ہوئے کوئٹہ شہر میں جاری ترقیاتی منصوبوں، ٹریفک مینجمنٹ، سڑکوں کی تعمیر، (بقیہ نمبر 17 صفحہ 3 پر)

متاثرہ کان کنوں کے اہل خانہ کو ہر ممکن معاونت فراہم کرے گی، شعیب نوشیروانی

کوئلہ کان کے افسوسناک حادثے میں اب تک 11 کان کنوں کی لاشیں نکال لی گئی ہیں

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر مائنز اینڈ منرلز میر شعیب نوشیروانی نے کہا ہے کہ سورر بیچ میں کوئلہ کان کے افسوسناک حادثے میں اب تک 11 کان کنوں کی لاشیں نکال لی گئی ہیں، جبکہ ریسکیو آپریشن تاحال جاری ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی (بقیہ نمبر 34 صفحہ 3 پر)

لاہور؛ وائس چیئرپرسن اوورسیز پاکستانیز کمیشن پنجاب بیرسٹر امجد ملک اوپی سی میں منعقدہ اوپن کچہری سے خطاب کر رہے ہیں

ترک وزیر خارجہ کی حماس کے نئے سربراہ خلیل الحیہ سے ملاقات، امن مذاکرات پر زور

انقرہ (این این آئی) ترکی کے وزیر خارجہ ہاکان فیدان نے حماس کے نئے سربراہ خلیل الحیہ اور ان کے وفد سے ملاقات کی (بقیہ نمبر 35 صفحہ 3 پر)

وفاقی حکومت نے پنشن میں سات فیصد اضافہ کر دیا، نوٹی فکیشن جاری

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی حکومت نے تمام سول پنشنرز، دفاعی تخمینوں سے پنشن حاصل کرنے والے سویلین افراد، ریٹائرڈ (بقیہ نمبر 36 صفحہ 3 پر)

عمران خان کی بہنیں انسداد دہشتگردی عدالت سے اشتہاری قرار

پولیس نے اشتہاری کی کارروائی مکمل کر کے رپورٹ عدالت میں جمع کروا دی

اسلام آباد (این این آئی) انسداد دہشت گردی عدالت نے عمران خان کی بہنوں کو اشتہاری قرار دیدیا۔ انسداد دہشت گردی عدالت اسلام آباد میں بانی پی ٹی آئی عمران (بقیہ نمبر 15 صفحہ 3 پر)

گوادر پورٹ نے دوسری کمرشل بنکرنگ آپریشن کو کامیابی سے مکمل کر لیا

پورٹ کو مسابقتی علاقائی بنکرنگ، میری ٹائم لاجسٹکس ہب بنانے کیلئے کام جاری ہے، چیئرمین گوادر پورٹ

گوادر پورٹ کی ترقی پاکستانی معیشت کے لیے انتہائی اہمیت کی حامل ہے، جنید انور

گوادر (این این آئی) گوادر پورٹ نے اپنی دوسری کمرشل بنکرنگ (سمندری جہازوں کو ایندھن کی فراہمی) آپریشن کو کامیابی سے مکمل کر لیا جو پاکستان کی بلیو اکانومی کو فروغ (بقیہ نمبر 20 صفحہ 3 پر)

گوادر، پاک بحریہ کا کامیاب ریسکیو آپریشن، 19 ماہی گیر بحفاظت بچا لیے

گوادر سے 120 ناٹیکل میل دور پھنسے پاکستانی اور ایرانی ماہی گیروں کو پاک بحریہ نے محفوظ مقام پر منتقل کر دیا

گوادر (یو این اے) پاک بحریہ کے جنگی جہاز پی این ایس تیمور نے شمالی بحیرہ عرب میں کامیاب سرچ اینڈ ریسکیو آپریشن کرتے ہوئے سمندر میں پھنسے 19 ماہی گیروں (بقیہ نمبر 21 صفحہ 3 پر)

یوکرین پر فضائی حملوں میں 13 افراد ہلاک، جوابی کارروائی میں روسی شہر بھی نشانہ

کیف، لیویو اور دنیپر و سمیت مختلف علاقوں میں فوجی اہداف کو نشانہ بنایا گیا

ماسکو (این این آئی) روس نے رات بھر یوکرین پر 70 میزائل اور 280 سے زائد ڈرونز سے حملے کیے جن میں دارالحکومت کیف سمیت مختلف شہروں کو نشانہ بنایا گیا۔ یوکرینی صدر ولودومیر زیلینسکی کے مطابق روس کی جانب سے کیے گئے تازہ حملوں میں کم از کم 13 شہری (بقیہ نمبر 22 صفحہ 3 پر)

کراچی اور کوئٹہ سے بیک وقت شائع ہونے والا کثیر الاشاعت روزنامہ
Daily Gwadar Business
ABC Certified
روزنامہ گوادر بزنس
ایڈیٹر ریاض احمد

سعودی عرب پر حملے قابل مذمت

ترجمان دفتر خارجہ طاہر حسین اندرابی نے کہا ہے کہ بحیرہ احمر اور آبنائے ہرمز کی صورت حال تشویش ناک ہے، کشیدگی میں کمی اور آبنائے ہرمز کی صورت حال پر فریقین کے درمیان بات چیت جاری ہے، ہم فریقین کو اسلام آباد ایم او یو اور قطر ڈیکلریشن پر لانے کی کوشش کر رہے ہیں، غیر ریاستی عناصر کے سعودی عرب پر حملے قابل مذمت ہیں، سعودی عرب کو اقوام متحدہ کے چارٹر کے آرٹیکل 51 کے تحت اپنے دفاع کا مکمل حق حاصل ہے، عراق کے ردِعمل سے متعلق فی الحال کوئی معلومات نہیں، جموں و کشمیر تنازع کا واحد حل سلامتی کونسل کی قراردادوں کے مطابق آزادانہ، غیر جانبدارانہ استصواب رائے ہے۔ ہفتہ وار بریفنگ میں انہوں نے کہا کہ غیر ریاستی عناصر کے سعودی عرب پر حملے قابل مذمت ہیں، سعودی عرب کو اقوام متحدہ کے چارٹر کے آرٹیکل 51 کے تحت اپنے دفاع کا مکمل حق حاصل ہے، عراق کے ردعمل سے متعلق فی الحال کوئی معلومات نہیں، حملے عراقی سرزمین سے کئے گئے، سعودی وزارت دفاع کے مطابق مشرقی صوبے اور ریاض کو نشانہ بنانے والے متعدد ڈرون مار گرائے گئے۔ ترجمان نے بتایا کہ پاکستان کو بیت دفاعی تعاون معاہدہ پاک سعودی اسٹریٹجک باہمی دفاعی معاہدے سے مختلف نوعیت کا ہے، دونوں ممالک کے درمیان مشترکہ فوجی مشقیں، تربیت اور دیگر شعبوں میں تعاون بڑھایا جائے گا، پاکستان کا اردن اور بحرین کے ساتھ بھی مضبوط دفاعی تعاون موجود ہے، ضرورت پڑی تو نئے دفاعی تعاون معاہدوں سے آگاہ کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اور بھارت نے ایک دوسرے کے ہائی کمیشنز میں معمول کے تبادلوں اور تعیناتیوں کے لئے انتظامی طریقہ کار مکمل کر لیا، ہائی کمیشنز میں عملے کی تعیناتی کا عمل سفیروں کی سطح پر نہیں بلکہ دفتری اور ورکنگ لیول پر انجام دیا گیا، پاکستان نے بھارتی یاتریوں اور دیگر زائرین کو قابل ذکر تعداد میں ویزے جاری کئے ہیں، عام بھارتی شہریوں کو جاری کیے گئے ویزوں کی تعداد بہت کم ہے، ویزوں کی تعداد بارے درست اعداد و شمار بعد میں فراہم کیے جائیں گے۔ طاہر حسین اندرابی نے کہا کہ شنگھائی تعاون تنظیم کے اجلاسوں میں بعض اوقات صدور اور وزرائے اعظم دونوں سطحوں پر نمائندگی ہوتی ہے، پاکستان تمام رکن ممالک کو باضابطہ دعوت نامے ارسال کرے گا۔ انہوں نے کہا کہ جموں و کشمیر تنازع کا واحد حل سلامتی کونسل کی قراردادوں کے مطابق آزادانہ، غیر جانبدارانہ استصواب رائے ہے، مقبوضہ جموں و کشمیر کی کسی مقامی اسمبلی یا حکومت کا فیصلہ اقوام متحدہ کی قراردادوں کی جگہ نہیں لے سکتا، بھارت مقبوضہ جموں و کشمیر پر اپنے غیر قانونی قبضے کو قانونی جواز نہیں دے سکتا۔

رعایا کے کشکول میں پھینکا حکومت کا ایک روپیہ

نصرت جاوید

تاریخ میں بیان کردہ کئی سفاک بادشاہوں کی طرح میرے اور آپ کے ووٹ سے اقتدار میں آنے کی دعوے دار حکومت ہم رعایا کو بھکاریوں کی طرح ذلیل و خوار کرنا شروع ہو گئی ہے۔ رواں ہفتے کے آغاز میں نہایت ہوشیاری سے ہمارے ذہنوں کو پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں کے روزانہ تعین کو تیار کیا گیا۔ علم معاشیات کی ناقابل فہم اصطلاحات سے ہمیں یہ سمجھایا گیا کہ پٹرولیم مصنوعات کی ہر پندرہ دنوں کے بعد قیمتیں تعین کرنے کا رجحان صارف کو نہیں ذخیرہ اندوزوں کو فائدہ پہنچاتا ہے۔ عالمی منڈی کے رجحانات دیکھتے ہوئے ذخیرہ اندوز اوسط ضرورت سے کہیں زیادہ خام تیل درآمد کر لیتے ہیں۔ ساتھ ہی دیگر ممالک کی ریفائنریوں میں صاف کیا پٹرول بھی خرید کر تیل بردار جہازوں میں ہماری بندرگاہوں کے قریب کھڑا کر دیا جاتا ہے۔ قیمتوں میں اضافہ ہوتے ہی ذخیرہ ہوا پٹرول اور ڈیزل بازار میں پھینک کر راتوں رات بے پناہ منافع کما لیا جاتا ہے۔

دنیا بھر کو تیل اور گیس کا 20 فی صد فراہم کرنے والے خلیجی ممالک اپنی برآمدات کے لئے ایران کے ساحلوں کو چھوتی آبنائے ہرمز پر انحصار کو مجبور ہیں۔ کئی منڈیوں سے عالمی تجارت کے لئے کھلی رہی اس آبنائے کو مگر مارچ کے آغاز میں ایران اور اسرائیل کے حملے نے متنازعہ بنا دیا۔ ایران دنیا کی واحد سپر طاقت کہلاتے ملک کے آگے سرنگوں ہونے کے بجائے مذکورہ حملے کی مزاحمت کی بدولت آبنائے ہرمز کی راہداری پر کامل اختیار کا حامل ہو گیا۔ اس کی مذکورہ راہ گزر پر اجارہ داری امریکہ ہی نہیں خلیج کے کئی ممالک کو بھی قبول نہ تھی۔ تیل بردار جہازوں کی انشورنس کرنے والی کمپنیوں نے بھی نرخ کئی گنا بڑھا دئے۔ عالمی منڈی میں تیل کی قیمت کے حوالے سے بے یقینی پھیل گئی۔ مذکورہ بے یقینی کا ذخیرہ اندوز منافع خور فائدہ اٹھانے کو بے چین تھے۔ انہیں ''ناجائز منافع'' سے روکنے کے لئے حکومت نے طلب و رسد کی منطق کو بروئے کار لاتے ہوئے پٹرولیم مصنوعات کے نرخوں کو روزانہ طے کرنے فیصلہ کر لیا۔

کاش وزیر اعظم کے دفتر سے کوئی ذمہ دار اور صاحب علم اس ''خبر'' کو جھٹلا دے کہ پٹرولیم مصنوعات کی قیمتیں روزانہ طے کرنے کا فیصلہ ہو گیا تو وزیر اعظم شہباز شریف کی یہ خواہش تھی کہ تین وزراء اکٹھے بیٹھ کر صحافیوں کے روبرو مذکورہ فیصلے کا اعلان کریں۔ قیمتوں کے روزانہ تعین کے بارے میں لوگوں کے ذہنوں میں جو خدشات ہیں ان پر مبنی سوالات کے ٹی وی پر براہ راست دکھائی پریس کانفرنس میں تسلی بخش اور تفصیلی جوابات فراہم کریں۔ قیمتوں کو روزانہ طے کرنے کا فیصلہ مگر جمعہ کے دن ہوا تھا اور اس روز کئی وزراء اپنے پیارے اور میرے آبائی شہر لاہور جانا پسند کرتے ہیں۔ رپورٹروں کی چیخ چیخ سے جند چھڑانے کے لئے پٹرولیم کے جواں سال وزیر علی پرویز ملک نے وزیر اطلاعات کو ہمراہ بٹھا کر حکومتی فیصلہ ریکارڈ کروایا۔ اسے سوا سات بجے شام ٹی وی چینلوں پر چلایا دیا گیا۔

17 جولائی 2026ء سے پٹرولیم مصنوعات کے نرخ روزانہ طے کرنے کا اعلان ہوا تھا۔ اس وقت سے کم از کم ایک ہفتے تک پٹرولیم کی قیمت میں فقط ایک بار 35 پیسے (جی ہاں پیسے روپے نہیں) کمی کا اعلان ہوا۔ بقیہ دنوں میں پٹرول کی قیمت اوسطاً چار سے پانچ روپے روزانہ کی بنیاد پر بڑھتی رہی۔ یوں محسوس ہوا کہ حکومت ہر صبح ہمیں مہنگائی کا انجکشن لگانے کا فیصلہ کر چکی ہے۔

رواں ہفتے کا آغاز ہوتے ہی مگر علی پرویز ملک صاحب نے حاتم طائی کا روپ دھارنے کا فیصلہ کیا۔ ہمیں خوش کرنے کو خبر سنائی کہ سعودی عرب سے پاکستان بھیجے تیل کے جہاز یمن کے باب المندب سے گزر کر بخیر و عافیت پاکستان کی بندرگاہوں تک پہنچنے والے ہیں۔ موصوف نے جاہل عوام کو یہ تفصیل بتانے کی ضرورت محسوس نہیں کی کہ باب المندب سے پاکستان کیلئے تیل لانے والے کتنے جہاز گزرے ہیں۔ اگر ایک جہاز بھی ہے تو وہ کتنے بیرل تیل لے کر ہماری بندرگاہوں میں سے کسی ایک پر اترے گا۔ بادشاہوں کے محلوں کی فصیل کے باہر توجہ و تسلی کی منتظر رعایا کو محض یہ جھانسہ دینا کافی تصور کیا کہ باب المندب سے جہاز گزر جانے کی وجہ سے پیر کی شام اوگرا کی جانب سے پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں مناسب کمی کا اعلان ہو سکتا ہے۔

ان کا بیان منظر عام پر آنے کے چند ہی لمحوں بعد مگر حوثی ملیشیا نے اعلان کیا کہ باب المندب سے گزرنے والے تیل بردار جہازوں پر حملہ کے بجائے اب اس کے میزائل سعودی عرب کے مشرق میں واقع تیل پیدا کرنے والی تنصیبات پر حملے کر رہے ہیں۔ آبنائے ہرمز کی بندش کا آغاز ہوتے ہی سعودی عرب نے اپنے مشرق میں پیدا ہونے والے تیل کو پائپ لائنوں کے ذریعے اپنے جنوبی شہر ینبع پہنچانا شروع کر دیا تھا۔ وہاں کی بندرگاہ سے سعودی عرب کا 70 فی صد تیل آبنائے ہرمز سے گزرے بغیر عالمی منڈی تک پہنچ جاتا۔ وہاں سے چلا جہاز پاکستان پہنچنے میں زیادہ سے زیادہ 8 دن لگاتا ہے۔ ایران کے شہید رہبر اعلیٰ کی تدفین کے بعد مگر ایران کے حلیف حوثی ملیشیا نے ''خون کا بدلہ خون'' کا نعرہ بلند کرتے ہوئے یہ فیصلہ کیا کہ اب باب المندب کی گزرگاہ سے بھی کوئی تیل بردار جہاز گزرنے نہیں دیا جائے گا۔

پیر کی سہ پہر مگر اپنے اہداف کو حوثی ملیشیا نے سعودی عرب کے مشرق تک پھیلا دیا ہے۔ وفاقی کابینہ کا رکن نہ ہونے کے باوجود میں دو ٹکے کا رپورٹر سعودی عرب کے مشرق میں ہوئے حملوں کے بعد یہ سوچنے کو مجبور ہوا کہ پیر اور منگل کی درمیانی رات ہماری سرکار مائی باپ تیل کی قیمتوں میں خاطر خواہ کمی کا اعلان کر نہیں پائے گی۔ حکومت مگر حاتم طائی کی قبر پر لات مارنے کا فیصلہ کر چکی تھی۔ پٹرول کی قیمت میں یکمشت ایک روپے کمی کا اعلان کر دیا گیا۔ جس کمی کا اعلان ہوا ہے وہ اونٹ کے منہ میں زیرہ ہے۔ رعایا کو بلکہ بھکاری تصور کرتے ہوئے ان کی کشکول میں ایک روپیہ پھینک دیا گیا ہے اور میں بے بس اسے ٹھکرانے کے قابل ہی نہیں۔

نواز شریف کا جادو

عبداللہ طارق سہیل

آزاد کشمیر کے انتخابات میں نواز شریف کا جادو چل گیا۔ پہلے مرحلے کے الیکشن میں مسلم لیگ ن نے اکثریت لے لی، بلاول بھٹو کی پیپلز پارٹی خاصے فرق کے ساتھ دوسرے نمبر پر رہی۔ نواز شریف نے دو بڑے جلسوں سے خطاب کیا۔ میرپور کا جلسہ اچھا تھا، مظفر آباد کا اس سے بھی اچھا۔ معلوم ہوا کہ وفاقی حکومت کی ''شاندار'' کارکردگی کے باوجود، نواز شریف کی شخصیت میں اب بھی اتنی کشش ہے کہ لوگ مسلم لیگ ن کو ووٹ دے ڈالتے ہیں۔

گلگت میں نواز شریف نے ایک ہی جلسہ کیا، دوسرے علاقوں کے لوگ منتظر رہے لیکن نواز شریف اچانک کسی اور ملک کی طرف اڑان بھر گئے جس سے لوگ ناراض ہوئے۔ وہاں بھی دو جلسے کر لیتے تو اچھا نتیجہ نکل سکتا تھا۔ شاید مسلم لیگ ن پھر بھی جیت نہ پاتی لیکن ہار کا ''حجم'' کم ہو جاتا۔

مسلم لیگ نواز شریف کی ذاتی مقبولیت پر کب تک تکیہ کرے گی۔ اب تو چار سال ہونے کو آئے، کارکردگی کی طرف توجہ نہ کریں، توجہ دینے کا فیصلہ تو کریں۔

بھارتیہ ایکشن پارٹی نے الیکشن سبوتاژ کرنے کیلئے جوتے ٹوپی کا زور لگایا لیکن بات نہ بنی۔ راولاکوٹ سے مظفر آباد لانگ مارچ کرنے کی آٹھویں یا نویں یا شاید دسویں کوشش بھی ناکام رہی۔ وجہ ایک ہی تھی، لانگ مارچ کیلئے جتنے عوام کی کم از کم تعداد چاہیے، ان کے حامیوں کی زیادہ سے زیادہ تعداد بھی اس سے کم رہی۔ غصے میں آ کر سکیورٹی فورسز پر فائرنگ کر ڈالی اور نقصان اٹھا کر پسپا ہوئے۔

اب مرشداتی پارٹی کے میڈیا نے، اس کے رودالوں اور رودالیوں نے بازار گریہ لگا رکھا ہے کہ ہائے ہائے، اپنے لوگوں کیخلاف طاقت استعمال کی جا رہی ہے۔

اپنے لوگ؟۔ جو پاکستان کو غیر ملک، پاکستانی فوج کو غیر ملکی فوج قرار دیتے ہیں، جو پاکستانی سپاہی کو دیکھتے ہی فائر کھول دیتے ہیں، جو نریندرا مودی سے استغاثہ کرتے ہیں، جو یہ کہتے ہیں کہ کشمیر ہمارا اور بھارت کا اندرونی مسئلہ ہے، ہم مل کر حل کر لیں گے، پاکستان کون ہوتا ہے۔ جو پاکستان کو اور پاکستانیوں کو گالیاں دیتے ہیں اور بھارت کے حق میں زبانیں گیلی کرتے ہیں؟

بھارت میں کاکروچوں کی تحریک کامیاب رہی اور ان کی کاکروچ جنتا پارٹی نے کہا ہے کہ جلد ہی جدوجہد کے اگلے مرحلے کا اعلان کریں گے۔ گویا نریندرا مودی کیلئے ابھی چین کی نیند سونے کا وقت نہیں آیا۔ کاکروچوں کی اس تحریک میں جو نئے نئے نعرے ڈھالے گئے، جس انداز کی تقریریں ہوئیں، جو سوانگ رچائے گئے وہ تو گویا ایک قسم کا ''ثقافتی انقلاب'' بھی ہے۔

ایک سوال ہمارے ہاں اٹھنے لگا ہے کہ ادھر کے کاکروچ کب اٹھیں گے، یہاں کاکروچ پارٹی کب بنے گی؟

بھارتی اشرافیہ نے طلبہ کو کاکروچ کہا، طلبہ نے کاکروچوں کے بڑے بڑے ماسک اوڑھ لئے اور چھ چھ فٹ کے کاکروچوں سے سڑکیں بھر گئیں۔

ہمارے ہاں کے کاکروچ بدستور دو انچ کے ہیں۔ دو انچ سے قد اوپر اٹھا تو دیکھیں گے۔

بہر حال، کاکروچ کے اس معاملے سے ضیاء الحق یاد آ گئے۔ ان کی سیاسی حکمت عملی سندھ اور پنجاب میں پیپلز پارٹی کا خاتمہ کرنے اور کراچی سے جماعت اسلامی کو دربدر کرنے سے عبارت تھی۔ 1985ء؟ کے بعد اس حکمت عملی کا دائرہ بڑھا اور انہوں نے تعلیمی اداروں سے ''طلبہ'' کا صفایا کرنے کی بھی ٹھان لی۔ طلبہ تحریکوں میں سب سے بڑی اسلامی جمعیت طلبہ تھی چنانچہ اس سے نجات کا ایکشن یوں بنا۔ امیر العظیم مرحوم یاد آ گئے۔ دوسرے طلبہ لیڈروں کے ساتھ انہیں بھی گرفتار کیا گیا اور گرفتاری کے عینی شاہد رپورٹروں نے مجھے بتایا کہ گرفتاری سے پہلے ان پر بلاضرورت شدید تشدد کیا گیا، اتنا زیادہ کہ دیکھنے والے اخبار نویس بھی حیران رہ گئے۔

پتہ چلا کہ اس بارے میں خصوصی ہدایات خود ضیاء الحق نے براہ راست دی تھیں۔ اگلے روز ضیاء الحق نے میڈیا سے بات چیت کی اور کہا کہ امیر العظیم ہو یا امیر الاعظم، کسی کو نہیں چھوڑوں گا۔

مقصد اپنی حکومت کو دوام دینا تھا۔ افسوس کہ یہ دوام 1988ء میں کافور ہو گیا۔ لیکن اس دوامی بندوبست کی وجہ سے طلبہ دو انچ کے کاکروچ بن گئے اور آج لگ بھگ چالیس سال بعد بھی وہی پابندیاں ہیں۔ ہر پارٹی یہ پابندیاں ختم کرنے کا وعدہ کرتی ہے اور ہر پارٹی حکومت میں آنے کے بعد سب سے پہلے یہی وعدہ بھول جاتی ہے۔

طلبہ تنظیموں سے کسی کا اقتدار ختم نہیں ہوتا۔ پاکستان میں ایوب خاں کے دور میں تمام عرصہ طلبہ تنظیمیں سڑکوں پر مظاہرے اور جلسے کرتی رہیں، جلوس نکالتی رہیں۔ ان میں اسلامی جمعیت طلبہ بھی تھی، این ایس ایف بھی اور ایک دو اور بھی۔ آخری برسوں میں پیپلز پارٹی بنی تو پی ایس ایف بھی وجود میں آ گئی۔ یہ مغربی پاکستان کا معاملہ تھا۔ مشرقی پاکستان میں بھی جمعیت سمیت کئی تنظیمیں سرگرم تھیں، پھر بھی ایوب خاں دس سال نکال گئے۔

بنگلہ دیش میں حسینہ واجد کا تختہ محض طلبہ نے نہیں الٹا، عوام بھی اس تحریک میں شامل تھے نیز یہ کہ ہر طبقہ زندگی کے لوگ حسینہ کیخلاف ہو گئے تھے۔

طلبہ تنظیموں اور سٹوڈنٹس یونینوں پر پابندی سے اور تو کچھ حاصل نہیں ہوا، بس یہ ہوا کہ شعور، سیاسی اور سماجی تربیت کے میدان میں پاکستانی طلبہ بھارت اور بنگلہ دیش کے نوجوانوں سے بہت پیچھے رہ گئے۔

سماجی تحفظ کے شعبے میں 14 ارب روپے کی بے ضابطگیوں کا انکشاف ہوا ہے۔

معمول کی خبر ہے۔ ہر دوسرے روز کسی نہ کسی وفاقی محکمے کے بارے میں اربوں روپے کی بے ضابطگیوں کی خبر آتی ہی رہتی ہے۔

ان خبروں میں خبریت وہ نہیں ہوتی جس کی سرخی جمائی جاتی ہے، اصل خبریت یہ ہے کہ کرپشن کے لفظ کو بے ضابطگیوں کے لفظ سے بدل دیا گیا ہے۔ اسے ہم اپنا ''ثقافتی انقلاب'' کہہ سکتے ہیں۔

☆☆☆

بات کریں، مذاکرات کریں

نسیم شاہد

ہائے وہ کیا زمانے تھے جب بھی ملک میں کوئی بڑا مسئلہ پیدا ہوتا تو سبھی طرف سے اُن کا سیاسی حل نکالنے کی ضرورت پر زور دیا جاتا، پھر گفت و شنید کے بعد کوئی حل نکل بھی آتا۔ اب تو لگتا ہے یہ باتیں خواب و خیال ہو گئی ہیں۔ ہر مسئلے کا حل طاقت یا پھر مقدمے ہیں، کیا اس طرح مسائل حل ہوتے ہیں اب کل ہی کی بات ہے ایک طرف آزاد کشمیر میں انتخابات کا شور و غل تھا اور دوسری طرف مظاہرین پر پولیس کی فائرنگ اور آنسو گیس پھینکنے کی خبریں آ رہی ہیں۔ مصدقہ اطلاعات چونکہ نہیں تھیں، انٹرنیٹ بھی بند تھا اِس لئے افواہیں گردش کرتی رہیں کہ اتنے شہید ہو گئے اور کشیدگی بہت بڑھ گئی۔ میرے ذہن میں کل سے یہ سوال تلملا رہا ہے کہ جن حالات میں انتخابات ہو رہے ہیں اور اُن میں کشمیری عوام کی شمولیت بھی ایک سوالیہ نشان ہے۔ اُن کے نتیجے میں وہاں حکومت بن بھی گئی تو کیا اُمن آ جائے گا یا یہ ڈھول اُسی طرح بجاتے رہیں گے جیسے ماضی میں بجاتے آئے ہیں۔ یہ سوچ لینا کہ آج جو مسئلہ ہے وہ وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ حل ہو جائے گا پرلے درجے کی حماقت ہے۔ یہ تجربہ ہم نے پاکستان میں آٹھ فروری کے انتخابات کو زبردستی منوا کر دیکھ لیا ہے۔ ایک واضح انتشار اور بے یقینی جس نے ملک کو کئی حوالوں سے کمزور کیا ہے صرف معیشت کو لے لیں تو پٹرول و ڈیزل کی مد سے حاصل ہونے والی لیویز پر خزانہ بھرنے کی نوبت آئی ہوئی ہے۔ پٹرولیم کے وزیر بار بار اس حقیقت کو تسلیم کر چکے ہیں کہ ٹیکسوں کا ہدف حاصل نہیں ہو رہا اس لئے لیویز کے ذریعے کام چلایا جا رہا ہے۔ تاریخ کا اصول ہے کہ ہر بار حکومت یا اسٹیبلشمنٹ کی بات ہی نہیں مانی جاتی ہے یہ زمینی حقائق کے خلاف ہے، کچھ باتیں عوام اور اپوزیشن کی بھی ماننی پڑتی ہیں۔ ذرا سوچئے ذوالفقار علی بھٹو اگر اپنے خلاف تحریک کے دِنوں میں کرسی کے ہتھے پر ہاتھ مار کے یہ نہ کہتے کہ میری کرسی محفوظ ہے اور مذاکرات کا راستہ اختیار کر لیتے تو معاملات اُس سطح تک نہ جاتے جہاں تک پہنچنے پر ضیاء الحق کے لئے مارشل لاء لگانا آسان ہو گیا۔ ہمیشہ دیر کر دیتا ہوں والا معاملہ سیاست میں زہر ثابت ہوتا ہے یہاں تو پہل کرنی پڑتی ہے۔ بالغ نظری یہی ہے کہ مسئلے کی شدت کو بروقت پہچاننا ہوتا ہے پانی سر سے گزر جائے تو سوائے ڈوبنے کے اور کوئی آپشن نہیں رہتا۔ بھارت میں حالیہ احتجاج کے دوران اگر مودی شدت کو نہ پہچانتے تو انہیں شاید وزیر کی بجائے اپنے عہدے سے مستعفی ہونا پڑتا۔ کہیں بھی ایک ایک بڑا تماشا لگوانے کے بعد سرنڈر کرنا اس غیر دانشمندی کو ظاہر کرتا ہے جو نا کامی ورسوائی کی بنیاد بنتی ہے۔

بات صرف آزاد کشمیر کی نہیں دیکھا جائے تو پورے ملک میں جہاں جہاں مسائل ہیں اُن کا سیاسی حل نکالنے کی سوچ ناپید نظر آتی ہے۔ بلوچستان میں کیا ایسی سیاسی قوتیں نایاب ہو گئی ہیں جن سے مذاکرات کئے جا سکتے ہیں جلیں مان لیتے ہیں کہ اُن سے مذاکرات نہیں ہو سکتے جنہوں نے ریاست کے اقتدارِ اعلیٰ کو چیلنج کیا ہے لیکن اُن لوگوں سے تو مذاکرات ہو سکتے ہیں، جو بلوچستان کے سیاسی دھڑوں اور جماعتوں کی نمائندگی کرتے ہیں اِس وقت تو یوں لگتا ہے بلوچستان کا سیاسی رابطہ ہم نے خود منقطع کیا ہوا ہے بڑے سے بڑا واقعہ بھی ہو جائے تو ایک دھمکی آمیز بیان ضرور آ جاتا ہے لیکن مفاہمت سے راہ نکالنے کی کوئی آواز سامنے نہیں آتی۔ کیا اس طرح سے معاملات چلتے رہے تو خود بخود حل ہو جائیں گے یا ہمیں کچھ ایسا کرنا ہو گا جو اِس وقت قومی منظر نامے پر غائب ہے۔ یہ نمبروں کی گیم حالات کو مزید بگاڑ رہی حل نہیں کر رہی، بارہ دہشت گرد جہنم واصل ہوں اور اتنے ہی ہمارے جوان شہید ہو جائیں تو اسے کامیابی کی طرف قدم کیسے قرار دیا جا سکتا ہے اس کے لئے تو کوئی اور وزن کھولنا پڑے گا جنہوں نے ریاست کے خلاف ہتھیار اٹھا لئے ہیں ان کے لئے طاقت کی زبان ہی استعمال ہو گی مگر جنہوں نے اپنے حقوق کی بات کی ہے اور ریاست سے اپنا حق مانگا ہے، اُن سے تو بات ہو سکتی ہے بلکہ کی جانی چاہئے۔ آخر کب تک ہم یہ سمجھتے رہیں گے کہ کوئی معجزہ ہو گا اور ہم ایک صبح ان سارے مسائل سے نجات پا جائیں گے۔ ایسے معاملات میں معجزے نہیں ہوتے بلکہ حکمت عملی کام آتی ہے۔ کہیں صلح حدیبیہ بھی کرنی پڑتی ہے اور کہیں پیچھے ہٹ کر بند راستہ بھی کھولنا پڑتا ہے، جہاں دہشت گردی ہے وہاں حکمت عملی طاقت کو بروئے کار لانے پر مبنی ہونی چاہئے لیکن جاں صرف احتجاج ہوتا ہے وہاں مذاکرات اور گفتگو کے ذریعے اسے ختم کرنے کی کوشش ناگزیر ہے۔ آزاد کشمیر میں خواہ مخواہ کسی کو دہشت گرد یا غدار کہنے کی پرانی تاریخ دہرانی نہیں چاہئے۔ ایکشن کمیٹی ہے جس کے عہدیدار وہی ہیں جو کل تک آزاد کشمیر میں سیاسی حوالے سے جانے جاتے تھے انہیں دیوار کے اُس پر دھکیلنے کی کیا ضرورت ہے۔ انہیں قریب لایا جائے اور جو مطالبات ہیں اُن پر مذاکرات کی دعوت دی جائے۔ سب کچھ نظر آ رہا ہے اور سب کو معلوم ہو چکا ہے کہ کشمیری کیا چاہتے ہیں کیا سوچ رہے ہیں اتنے بڑے بڑے لیڈروں کے باوجود معاملہ اگر لاٹھی اور آنسو گیس تک آ گیا ہے تو اس پر افسوس ہی کیا جا سکتا۔

آزاد کشمیر کی ایکشن کمیٹی کو ایک حقیقت مان کر اعلیٰ سطح پر مذاکرات کی دعوت دی جائے تو میرے نزدیک موجودہ حالات میں یہ بہترین پیشرفت ہو گی بلکہ اس سے بھی دو قدم آگے بڑھ کر پاکستان کی سیاسی جماعتوں کا ایک مشترکہ اتحاد ترتیب دے کر اور اُس میں نواز شریف، بلاول بھٹو زرداری، مولانا فضل الرحمٰن اور تحریک انصاف کو شامل کر کے اگر مذاکرات کا عمل شروع کیا جائے تو اُس کے یقیناً مثبت اثرات سامنے آئیں گے۔ ہمارا ہمیشہ سے بیانیہ مقبوضہ کشمیر کی صورتحال سے بالکل مختلف رہا ہے۔ یہ مار دھاڑ اور یہ احتجاج کے مناظر ہمارے آزاد کشمیر کی پہچان نہیں رہے۔ پاکستان نے ہمیشہ کشمیریوں کو اپنے دِل کے ساتھ رکھا ہے اور کشمیریوں نے بھی پاکستان پر جان چھڑکنے کی سوچ کو پروان چڑھایا ہے۔ یہ کچھ عرصے میں ایسا کیا ہوا کہ کشمیر ایک سیاسی آتش فشاں بنا ہوا ہے۔ اس باریک نکتے کو سمجھ کے فیصلے کرنے کی ضرورت ہے کہ اب مسلم لیگ (ن) یا پیپلز پارٹی آپس میں طے کر کے معاملات نہیں چلا سکتیں، اب ایک فریق کشمیر کی عوامی ایکشن کمیٹی بھی ہے۔ بھلے یہ وقتی ہو مگر اس وقت وہ کشمیریوں کی نمائندہ ہے۔ اسے اعتماد میں لئے بغیر مسئلہ حل نہیں ہو سکتا۔ اسے طاقت سے کچلنے یا توڑنے کی حکمت عملی بھی فائدہ کے بجائے نقصان دے سکتی ہے۔ سیاسی سوچ اپنائی جائے اور آگے بڑھا جائے۔ بات کریں مذاکرات کریں، یہ فارمولا سو فیصد کامیاب ہو گیا، آزمائش شرط ہے۔

---

1 بقیہ: کشمیر کے انتخابات میں مبینہ دھاندلی، عوامی مینڈیٹ کی پامالی اور نتائج میں مبینہ رد و بدل پر مسلم لیگ (ن) کی قیادت کو شدید تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے کہا ہے کہ آزاد کشمیر کے عوام کے ووٹ پر شب خون مار کر جمہوریت کا چہرہ مسخ کرنے کی کوشش کی گئی جسے کسی صورت قبول نہیں کیا جا سکتا۔ میر علی حسن زہری نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی کے حق میں پڑنے والے ووٹوں کو مبینہ طور پر منظم انداز میں متاثر کر کے انتخابی نتائج تبدیل کرنے کی کوشش کی گئی۔ کشمیری عوام نے جس اعتماد کا اظہار اپنے ووٹ کے ذریعے کیا اسے اقتدار کی ہوس میں مبتلا عناصر نے طاقت، اثر و رسوخ اور مبینہ سیاسی انجینئرنگ کے ذریعے دبانے کی کوشش کی۔ یہ اقدام نہ صرف جمہوری اقدار بلکہ کشمیری عوام کے بنیادی حقِ رائے دہی پر بھی حملہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ مسلم لیگ (ن) کو عوامی فیصلے کا احترام کرنا چاہیے تھا مگر ایک بار پھر ایسے الزامات سامنے آئے ہیں کہ عوامی مینڈیٹ کو تسلیم کرنے کے بجائے اقتدار حاصل کرنے کو ترجیح دی گئی۔ تاریخ گواہ ہے کہ جب بھی عوام کا فیصلہ ان کے سیاسی مفادات کے خلاف آیا جمہوری اصولوں کو پسِ پشت ڈالنے کی کوشش کی گئی۔ اقتدار چند نشستوں سے حاصل کیا جا سکتا ہے، مگر عوام کے دل جیتے نہیں جا سکتے۔ میر علی حسن زہری نے کہا کہ عوام کے ووٹ کی توہین کرنے والے وقتی طور پر کامیابی کا جشن منا سکتے ہیں، لیکن تاریخ انہیں عوامی مینڈیٹ کے احترام کرنے والوں میں نہیں بلکہ اس کی پامالی کرنے والوں میں یاد رکھے گی۔ کشمیری عوام باشعور ہیں اور وہ جانتے ہیں کہ ان کے ووٹ کے ساتھ کیا سلوک کیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ آزاد کشمیر کے انتخابات پر اٹھنے والے سوالات صرف ایک جماعت کا مسئلہ نہیں بلکہ پورے انتخابی نظام کی ساکھ کا معاملہ ہیں۔ اگر ووٹ کی عزت محفوظ نہیں رہے گی تو عوام کا جمہوری عمل پر اعتماد بھی متزلزل ہو گا۔ اس لیے ضروری ہے کہ انتخابی عمل پر لگنے والے تمام الزامات کی آزاد، غیر جانبدار اور شفاف تحقیقات کرائی جائیں تاکہ حقائق قوم کے سامنے آ سکیں۔ میر علی حسن زہری نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی کشمیری عوام کے ساتھ کھڑی تھی، کھڑی ہے اور ہمیشہ کھڑی رہے گی۔ ہم عوام کے ووٹ کی حرمت، آئین کی بالادستی اور حقیقی جمہوریت پر مکمل یقین رکھتے ہیں۔

2 بقیہ: ڈپٹی کمشنر کوئٹہ اسد اللہ پویوہم، مائیکرو پلان، ٹیموں کی تعیناتی اور حساس علاقوں میں خصوصی انتظامات کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی گئی ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر حضور بخش بگٹی بھی موجود تھے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر جعفر آباد خالد خان نے کہا کہ پولیو کا مکمل خاتمہ حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے اور ضلع جعفر آباد کے ہر بچے کو اس موذی مرض سے محفوظ بنانا ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ انہوں نے ہدایت کی کہ مہم کے دوران تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں اور پولیو ٹیمیں انتہائی ذمہ داری، دیانتداری اور پیشہ ورانہ انداز میں اپنے فرائض سرانجام دیں تاکہ پانچ سال سے کم عمر کوئی بھی بچہ پولیو سے بچاؤ کے قطرے پینے سے محروم نہ رہے انہوں نے کہا کہ مائیکرو پلان پر خصوصی توجہ دی جائے، دور دراز اور دشوار گزار علاقوں تک بھی ٹیموں کی رسائی یقینی بنائی جائے اور خانہ بدوش آبادیوں سمیت ہر گھر تک پہنچ کر بچوں کو حفاظتی قطرے پلائے جائیں۔ انہوں نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ مہم کی روزانہ کی بنیاد پر مانیٹرنگ کی جائے، ٹیموں کی کارکردگی کا جائزہ لیا جائے

3 بقیہ: اقوام متحدہ کا ادارہ برائے خوراک و زراعت کے تعاون سے بلوچستان میں آبی وسائل کی بحالی اور چراگاہوں کی ترقی کے لیے مشترکہ کوششیں کریں گے۔ اقوام متحدہ کا ادارہ برائے خوراک و زراعت کے مالی تعاون سے جاری اس پروگرام کا بنیادی مقصد بلوچستان میں پانی کے بحران پر قابو پانا، زراعت، لائیوسٹاک اور چراگاہوں کی صورتحال کو بہتر بنانا ہے۔ جامعہ تربت میں منعقدہ ایک تقریب کے دوران تربت یونیورسٹی کے اسسٹنٹ رجسٹرار غوث بخش بلوچ اور انجینئرنگ یونیورسٹی خضدار کی جانب سے پروجیکٹ مینیجر انجینئر شکیل احمد نے معاہدے پر دستخط کیے۔ اس اسٹریٹجک شراکت داری کے تحت دونوں جامعات موسمیاتی تبدیلیوں کے منفی اثرات سے نمٹنے، پانی کے ضیاع کو روکنے اور زمین کے بہتر استعمال کے حوالے سے مشترکہ طور پر سیمینارز اور ورکشاپس کا انعقاد کریں گے۔ اس کے علاوہ مقامی کمیونٹیز کے لیے خصوصی تعلیمی آگاہی مہم بھی چلائی جائے گی اور مختلف سرگرمیوں میں طلبہ کی فعال شرکت کو یقینی بنایا جائے گا۔ معاہدے کے تحت متعلقہ جامعات میں نالج کارنرز بھی قائم کیے جائیں گے تاکہ تحقیق و معلومات تک رسائی ک

بقیہ 1

، مسائل بار بار سامنے آتے رہیں گے، جب تک سب ساتھ نہیں بیٹھیں گے، ملک ایسے ہی چلتا رہے گا۔ اسلام آباد میں پاکستان کی پہلی اکنامک سمٹ کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے محسن نقوی نے کہا کہ گزشتہ 70 سے 80 برسوں سے کئی مسائل مسلسل چلے آرہے ہیں، ہم سب جمہوریت کے حامی ہیں، لیکن جمہوری نظام کے اندر بھی مختلف طریقہ کار اور ڈھانچے موجود ہوتے ہیں جن پر سنجیدگی سے غور کرنا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ آج پاکستان کا نام عالمی سطح پر نمایاں ہو رہا ہے، مختلف شعبوں میں کامیابیاں سامنے آرہی ہیں، لیکن یہ صرف وقتی بحرانوں سے نمٹنے کی کوششیں ہیں۔ جب تک ملک کے بنیادی نظام کو درست نہیں کیا جائے گا، مسائل برقرار رہیں گے۔ محسن نقوی نے کہا کہ ملک کا سیاسی نظام چلانے والے تمام طبقات، سیاسی جماعتیں، کاروباری افراد اور ادارے اس بات کے ذمہ دار ہیں کہ وہ نظام کی بہتری کے لیے کردار ادا کریں۔ انہوں نے کہا کہ انتخابات کے دوران مختلف لوگ سیاسی نظام کو مالی معاونت فراہم کرتے ہیں لیکن اب ضرورت اس بات کی ہے کہ وہ نظام کی اصلاح کے لیے اپنی آواز بھی بلند کریں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کے عام شہری کو بنیادی سہولیات، انصاف اور حکومت تک آسان رسائی چاہیے، مگر آج بھی کئی لوگ دور دراز علاقوں سے کئی گھنٹے سفر کر کے عدالتوں اور سرکاری اداروں تک پہنچتے ہیں۔ عوام کو ان کے علاقوں میں ہی سہولیات فراہم کرنا ہوں گی۔ وزیر داخلہ نے کہا کہ انتظامی یونٹس کو عوامی سطح تک لے جانا ضروری ہے، کیونکہ جب تک مقامی سطح پر ذمہ داری اور اختیار نہیں ہوگا، مسائل کا موثر حل ممکن نہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی صنعت میں اربوں ڈالر کی برآمدات کی صلاحیت موجود ہے، لیکن نظام کی رکاوٹوں کے باعث اس صلاحیت سے مکمل فائدہ نہیں اٹھایا جارہا۔ کاروباری طبقہ ملک کی معیشت کو آگے بڑھانے کی صلاحیت رکھتا ہے، اس لیے اسے قومی فیصلہ سازی میں اہم کردار دینا ہوگا۔ محسن نقوی نے نوجوانوں کے مسائل کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ نوجوان صرف چند ہزار روپے کی امداد یا سہولیات نہیں چاہتے، بلکہ وہ انصاف، میرٹ، روزگار کے مواقع اور ایسا نظام چاہتے ہیں جہاں انہیں اپنی صلاحیت کے مطابق آگے بڑھنے کا موقع ملے۔ آپ اس نوجوان کو کا کروچ کہہ سکتے ہیں، آپ اسے کچھ بھی کہہ سکتے ہیں، لیکن میں آپ کو ایک بات بتاؤں گا کہ اگر یہی کاکروچ ایک یونٹ بن جائے تو یہ سب کچھ بدل سکتا ہے۔ وزیر داخلہ نے ملک کے مالی مسائل پر بات کرتے ہوئے کہا کہ وفاقی نظام میں سب سے بڑا مسئلہ یہ ہے کہ ہر سال بجٹ خسارے اور قرضوں کے دباؤ کے ساتھ شروع ہوتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ سب کو معلوم ہے کہ مسائل کیا ہیں، اب ضرورت ان کے حل کے لیے عملی اقدامات کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعظم شہباز شریف دن رات کام کر رہے ہیں اور حکومت مسلسل بحرانوں سے نمٹنے کی کوشش کر رہی ہے، لیکن مستقل بہتری کے لیے سیاسی جماعتوں کو مل بیٹھ کر بڑے فیصلے کرنا ہوں گے۔ اگر سیاسی جماعتیں ایک جگہ بیٹھ کر ملک کے بنیادی مسائل پر اتفاق رائے پیدا کریں تو بہتری ممکن ہے، بصورت دیگر کانفرنسیں، سیمینار اور اجلاس ہوتے رہیں گے مگر مسائل برقرار رہیں گے۔ انہوں نے کاروباری برادری کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ کاروباری افراد کو صرف تنقید کا نشانہ بنانے کے بجائے معیشت کا اہم ستون سمجھنا چاہیے۔ دنیا بھر میں کاروباری طبقہ ترقی کا انجن ہوتا ہے، پاکستان میں بھی اسے مثبت انداز میں دیکھنے کی ضرورت ہے۔ محسن نقوی نے کہا کہ کاروباری افراد میں محدود وسائل کو بڑھانے اور مواقع پیدا کرنے کی صلاحیت موجود ہے، اس لیے انہیں ملک کی قیادت اور پالیسی سازی کے عمل میں زیادہ شامل کیا جانا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ صوبائی اور انتظامی نظام میں بھی بہتری کی ضرورت ہے، کیونکہ آبادی بڑھانے کے بجائے وسائل، اختیارات اور سہولیات کی منصفانہ تقسیم پر توجہ دینی ہوگی۔ وزیر داخلہ نے اس بات پر زور دیا کہ پاکستان کو آگے بڑھانے کے لیے سیاسی قیادت، کاروباری طبقے اور تمام اہم حلقوں کو مل کر بنیادی اصلاحات کا راستہ اختیار کرنا ہوگا۔ محسن نقوی نے کہا کہ پاکستان میں بڑھتی ہوئی آبادی اور موجودہ انتظامی نظام کے مسائل کا حل نکالنے کے لیے سیاسی جماعتوں کو مل بیٹھ کر سنجیدہ فیصلے کرنا ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ مزید صوبے یا انتظامی یونٹس بنانے کے معاملے کو قومی سطح پر بحث کا حصہ بنایا جائے۔ آبادی میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے اور سب یہ کہتے ہیں کہ یہ بہت بڑا مسئلہ ہے، لیکن سوال یہ ہے کہ اسے روکنے کے لیے عملی کوشش کون کر رہا ہے۔ آبادی بڑھنے سے وسائل پر دباؤ بڑھتا ہے، لیکن ہم میں سے کوئی بھی اس نظام کو تبدیل کرنے کے لیے تیار نہیں، کیونکہ موجودہ نظام میں مختلف مفادات وابستہ ہیں۔ وزیر داخلہ نے کہا کہ ہمیں اپنی طاقت اور مالی وسائل کے نظام کو نچلی سطح تک لے کر جانا ہوگا۔ یہ فیصلہ سیاست دانوں اور سیاسی جماعتوں کو مل کر، اتفاق رائے سے کرنا ہوگا، کیونکہ اس کے بغیر مسائل کا مستقل حل ممکن نہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہم کیوں اس وقت کا انتظار کریں جب عوامی دباؤ کے باعث ہمیں فیصلے کرنا پڑیں؟ ہمیں پہلے ہی یہ سمجھنا ہوگا کہ عوام کی ضروریات پوری کرنا حکومت کی ذمہ داری ہے۔ محسن نقوی نے کہا کہ اگر گلی محلے کا نظام خراب ہے اور ایک ہی سڑک یا گلی بار بار بنائی جاتی ہے تو ہمیں معلوم ہونے کے باوجود اس نظام کو درست نہیں کرتے۔ موجودہ نظام میں بہت سی اچھی چیزیں ہیں، لیکن اس کی خامیوں کو دور کرنا ہوگا۔ انہوں نے سیاسی جماعتوں سے اپیل کی کہ وہ آپس میں بیٹھیں اور فیصلہ کریں کہ نظام میں کہاں کہاں اصلاحات کی ضرورت ہے اور ملک کو بہتر انداز میں کیسے چلایا جاسکتا ہے

بقیہ 2

نومبت کے اہم فیصلے متوقع ہیں۔ اجلاس میں آزاد کشمیر کیا انتخابات اور امن و امان کی صورتحال کا معاملہ زیر غور آنے کا امکان ہے۔ ذرائع کے مطابق ملک کی معاشی، سیکیورٹی صورتحال کا جائزہ لیا جائے گا۔

بقیہ 3

کرتے ہوئے کہا ہے کہ معصوم شہریوں کو نشانہ بنانے والے عناصر انسانیت، بلوچستان اور پاکستان کے دشمن ہیں وزیر اعلیٰ نے اپنے مذمتی بیان میں کہا کہ شہید ہونے والے مزدور کسی ایک قوم، زبان یا صوبے سے نہیں بلکہ پاکستان کے شہری تھے۔ دہشتگردوں نے پنجابیوں کو نہیں بلکہ بے گناہ پاکستانیوں کو نشانہ بنایا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس افسوسناک واقعے کو قومیت کا رنگ دینا دہشتگردوں کے مذموم عزائم کو تقویت دینے کے مترادف ہوگا میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچ قوم کی روایات مہمان نوازی، بھائی چارے، عزت اور انسانیت کے احترام پر مبنی ہیں۔ نہتے اور بے گناہ شہریوں کا قتل بلوچ روایات کا حصہ نہیں بلکہ فتنہ الہندوستان کے دہشتگردوں کی سفاک سوچ کی عکاسی کرتا ہے، جن کا مقصد بلوچستان اور پاکستان میں نفرت، خوف اور انتشار پھیلانا ہے وزیر اعلیٰ نے واضح کیا کہ فتنہ الہندوستان کے دہشتگرد بلوچستان کی ترقی، امن اور قومی یکجہتی کے دشمن ہیں اور ریاست ایسے عناصر اور ان کے سہولت کاروں کے خلاف پوری قوت کے ساتھ کارروائیاں جاری رکھے گی

بقیہ 4

تردید کی تھی مگر اسلحہ ساز کمپنی کو اربوں ڈالر کے میزائلوں کی تیاری کے آرڈر نے اس خبر کو سچ ثابت کر دیا ہے۔ عرب میڈیا کے مطابق امریکی محکمہ دفاع پینٹا گون نے معروف اسلحہ ساز کمپنی لاک ہیڈ مارٹن کو پیٹریاٹ میزائل بنانے کے لیے 58.6 ارب ڈالر تک کا معاہدہ دیا ہے۔ پینٹا گون کے مطابق یہ معاہدہ پہلے سے موجود 4.7 ارب ڈالر کے ایک سالہ معاہدے کو سات سالہ منصوبے میں تبدیل کرتا ہے جس کے تحت مالی سال 2026 سے 2032 تک پیٹریاٹ انٹرسیپٹر میزائل تیار کیے جائیں گے۔ امریکی حکام کا کہنا تھا کہ ایران جنگ کے باعث امریکا کے اہم دفاعی ہتھیاروں کے ذخائر پر دباؤ بڑھ گیا ہے۔ امریکا نے اتحادی ممالک کو بڑی مقدار میں ہتھیار فراہم کیے جبکہ مشرق وسطیٰ میں اپنی فوجی کارروائیوں کے دوران بھی بڑی تعداد میں گولہ بارود استعمال کیا گیا

بقیہ 5

کر کے ضمانت پر رہائی کی استدعا کی ہے۔ بشریٰ بی بی نے سزا معطلی کی استدعا عالمی بنیادوں پر کی ہے، درخواست میں موقف اپنایا گیا کہ خاتون ہونے اور بیماری کے باعث وہ ضمانت کی مستحق ہیں۔ درخواست میں کہا گیا کہ انہیں قید تنہائی میں رکھ کر علاج اور دیکھ بھال سے محروم رکھا گیا ہے۔

بقیہ 6

مقیم پاکستانیوں کیلئے سفارتخانوں میں سہولیات میں اضافے، دستاویزات کے تصدیقی عمل کی ڈیجیٹائزیشن، شکایات کے عمل کو مزید سہل بنانے اور بیرون ملک سے پاکستان میں مختلف کاموں و ادائیگیوں کیلئے ڈیجیٹل نظام کے حوالے سے وزارت خارجہ کی ۔ وزیر اعظم کی زیر

صدارت اجلاس میں وزارت خارجہ، مختلف ممالک میں پاکستان کے سفراء، وزارت داخلہ، ایف آئی اے وزارت آئی ٹی اور متعلقہ اعلیٰ حکام نے تفصیلات سے آگاہ کیا۔ اس موقع پر وزیر اعظم نے کہا کہ بیرون ملک مقیم پاکستانی ہمارا قیمتی اثاثہ ہیں جنہیں ہر قسم کی سہولیات کی فراہمی حکومت کی اولین ترجیح ہے۔ بتایا گیا کہ بیرون ملک پاکستانیوں کی سہولت کیلئے پاور آف اٹارنی اور جائیداد کی خرید و فروخت کا نظام اور دستاویزات کے تصدیقی عمل کو آسان بنانے کیلئے کیو۔آر کوڈ متعارف کروایا جاچکا ہے، وزیر اعظم نے کہا کہ کیو۔آر (QR) کوڈ کے ذریعے بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کی شکایات کے اندراج کی ڈیجیٹائزیشن خوش آئند ہے، سفارتخانوں میں اسے آویزاں کر کے رسائی میں اضافہ کیا جائے۔ شہباز شریف نے کہا کہ کیو۔آر کوڈ کے ذریعے شکایات کے اندراج کے حوالے سے بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کیلئے خصوصی آگہی مہم چلائی جائے تاکہ زیادہ سے زیادہ لوگ اس نظام کے ذریعے شکایات کا اندراج کروا سکیں۔ بتایا گیا کہ شہریوں کی سہولت کیلئے وزارت خارجہ کے دفتر اسلام آباد میں شام کی شفٹ کا حال ہی میں آغاز کیا جا چکا ہے، اسی طرح دستاویزات کی تصدیق کی سہولت کو آسان خدمت مرکز اسلام آباد میں بھی متعارف کروایا جا چکا ہے، اسکے علاوہ کوریئر کے ذریعے تصدیقی عمل متعارف کروانے کے ساتھ ساتھ ہائیر ایجوکیشن کمیشن، انٹر بورڈز کوارڈینیشن کمیشن، نادرا اور نیشنل پولیس بیورو کے ڈیٹا بیس سے منسلک کیا جاچکا ہے

بقیہ 7

دھماکے سنے گئے۔ روسی میڈیا کے مطابق تازہ حملے کویت سے کیے گئے۔ ایرانی میڈیا کے حوالے سے بتایا گیا ہے کہ قشم جزیرے اور بوشہر میں دھماکے سنے گئے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق حملہ کیا اور بندر عباس میں بھی دھماکوں کی آوازیں سنائی دی گئیں۔ ایرانی پاسداران انقلاب نے امریکا کی معاونت کرنے والے علاقائی ممالک کو سخت ردِعمل کی دھمکی دیتے ہوئے کہا کہ اگر انہوں نے اپنا رویہ درست نہ کیا تو انہیں سخت ردِعمل کا سامنا کرنا پڑے گا۔ ایک بیان میں آئی آر جی سی نے کہا ہے کہ جب تک امریکا خطے میں دھمکیاں دینے اور بحری نقل و حرکت میں مداخلت کا سلسلہ جاری رکھے گا، آبنائے ہرمز بند رہے گی، امریکی دھمکیاں اور خطے میں مداخلت صورتحال کو مزید پیچیدہ بنا دیں گی۔ آئی آر جی سی کے مطابق گزشتہ شب دو آئل ٹینکروں نے امریکی طیاروں کی ہدایت پر آبنائے ہرمز کے جنوبی حصے سے ایک ایسے بحری راستے کے ذریعے نکلنے کی کوشش کی جسے آئی آر جی سی نے غیر محفوظ قرار دیا تھا۔ آئی آر جی سی کا کہنا تھا کہ ان میں سے ایک آئل ٹینکر میں اچانک آگ بھڑک اٹھی، جس کے بعد دونوں جہاز واپس لوٹ گئے۔ امریکی فوج نے دعویٰ کیا ہے کہ ایران کی جنوبی بندرگاہوں پر دوبارہ عائد کی گئی بحری ناکہ بندی کے تحت اب تک 20 تجارتی جہازوں کو واپس موڑا جا چکا ہے۔ امریکی سینٹرل کمانڈ کے مطابق، اس ماہ کے آغاز میں بحری ناکہ بندی دوبارہ نافذ کیے جانے کے بعد گزشتہ روز تک 18 جہازوں کا رخ موڑا گیا تھا

بقیہ 8

مطابق یہ کارروائی ایران کی جانب سے مشرق وسطیٰ میں ایرانی حملوں کی کوشش کے جواب میں کی گئی ہے۔ ایران کے جنوبی علاقوں میں کئی مقامات پر دھماکے سنے گئے۔ روسی میڈیا کے مطابق تازہ حملے کویت سے کیے گئے۔ ایرانی میڈیا کے حوالے سے بتایا گیا ہے کہ قشم جزیرے اور بوشہر میں دھماکے سنے گئے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق امریکا نے اہواز پر بھی حملہ کیا اور بندر عباس میں بھی دھماکے سنے گئے۔ امریکی فوج نے دعویٰ کیا ہے کہ ایران کی جنوبی بندرگاہوں پر دوبارہ عائد کی گئی بحری ناکہ بندی کے تحت اب تک 20 تجارتی جہازوں کو واپس موڑا جا چکا ہے۔ امریکی سینٹرل کمانڈ کے مطابق، اس ماہ کے آغاز میں بحری ناکہ بندی دوبارہ نافذ کیے جانے کے بعد گزشتہ روز تک 18 جہازوں کا رخ موڑا گیا تھا، جبکہ گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران مزید 2 تجارتی جہاز واپس بھیجے گئے۔ سینٹ کام نے مزید دعویٰ کیا کہ امریکی افواج نے دو جہازوں کو ناکارہ بنا دیا، جبکہ دو دیگر جہازوں پر چڑھ کر تلاشی اور کارروائی بھی کی۔

بقیہ 9

سینٹر کے قیام کے منصوبے پر تبادلہ خیال کیا۔ وزیر اعلیٰ سندھ نے متعلقہ محکموں کو نیشنل ٹیلی کمیونیکیشن کارپوریشن کے ساتھ مل کر منصوبے کے لیے جامع تجویز اور عملدرآمد کا منصوبہ پیش کرنے کی ہدایت کی۔ یہ فیصلہ چیف منسٹر ہاؤس میں نیشنل ٹیلی کمیونیکیشن کارپوریشن کے منیجنگ ڈائریکٹر میجر جنرل (ر) علی فرحان، ہلال امتیاز (ملٹری) سے ملاقات کے دوران کیا گیا۔ اجلاس میں وزیر اعلیٰ سندھ کے پرنسپل سیکریٹری آغا واصف، وزیر اعلیٰ سندھ کے معاون خصوصی برائے آئی ٹی محمد علی راشد اور چیئرمین پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ بورڈ بلال میمن نے شرکت کی۔ این ٹی سی کے وفد میں جنرل منیجر ساتھ محمد عرفان اور ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ ساتھ عطاالرحمٰن ملک شامل تھے۔ شرکا نے ٹیلی کمیونیکیشن، ڈیٹا مینجمنٹ، کلاؤڈ سروسز، سائبر سیکیورٹی اور ڈیجیٹل گورننس کے شعبوں میں حکومت سندھ اور این ٹی سی کے درمیان تعاون کے مواقع کا جائزہ لیا۔ وزیر اعلیٰ سندھ کو این ٹی سی کے ملک گیر آئی سی ٹی انفراسٹرکچر، حکومت سے حکومت کی سطح پر جاری منصوبوں اور ملک بھر میں ڈیٹا سینٹر کی سہولیات کو وسعت دینے کے منصوبوں پر بریفنگ دی گئی۔ میجر جنرل (ر) علی فرحان نے وزیر اعلیٰ سندھ کو بتایا کہ 1996 کے ٹیلی کام ری آرگنائزیشن ایکٹ کے تحت قائم ہونے والا این ٹی سی ملک کا واحد سرکاری ملکیتی آئی سی ٹی سروس فراہم کرنے والا ادارہ ہے۔ اسے وفاقی اور صوبائی حکومتوں، دفاعی افواج، خودمختار اداروں اور دیگر سرکاری شعبوں کے اداروں کو محفوظ ٹیلی کمیونیکیشن اور آئی ٹی خدمات فراہم کرنے کا مینڈیٹ حاصل ہے۔ انہوں نے بتایا کہ این ٹی سی سندھ بھر میں تقریباً ایک ہزار کلومیٹر پر محیط وسیع آپٹیکل فائبر نیٹ ورک پر برقرار رکھے ہوئے ہے۔ یہ نیٹ ورک بڑے پیمانے پر ڈیجیٹل اقدامات، جن میں سیف سٹی منصوبے اور مربوط سرکاری مواصلاتی نظام شامل ہیں، کے لیے ضروری انفراسٹرکچر فراہم کرتا ہے۔ این ٹی سی کے سربراہ نے مزید بتایا کہ ادارہ اسلام آباد، لاہور اور کوئٹہ میں ٹائر تھری معیار کے مطابق ڈیٹا سینٹرز کامیابی سے چلا رہا ہے، جو اہم سرکاری اداروں کو محفوظ ہوسٹنگ، کلاؤڈ کمپیوٹنگ، ڈیزاسٹر ریکوری اور ڈیٹا تحفظ کی خدمات فراہم کر رہے ہیں۔ این ٹی سی اب کراچی میں ایک جدید ڈیٹا سینٹر قائم کرنے کا منصوبہ رکھتا ہے تاکہ صوبائی ای گورننس کی ضروریات پوری کرنے اور ڈیٹا خودمختاری کو مضبوط بنانے میں مدد مل سکے۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے کہا کہ سندھ ڈیجیٹل گورننس اور ٹیکنالوجی پر مبنی عوامی انتظامیہ کے ایک نئے دور میں داخل ہو رہا ہے۔ انہوں نے یاد دلایا کہ یہ اقدام ان کے حالیہ بجٹ خطاب کے دوران کیے گئے عزم سے براہ راست مطابقت رکھتا ہے، جس میں انہوں نے ڈیجیٹل انفراسٹرکچر کو ترجیح دینے، تکنیکی جدت کو فروغ دینے اور صوبائی انتظامیہ کو بہتر بنانے کے لیے مخصوص وسائل مختص کرنے کا اعلان کیا تھا۔ وزیر اعلیٰ سندھ نے زور دیا کہ محفوظ ڈیٹا انفراسٹرکچر دنیا بھر کی حکومتوں کے لیے ایک اسٹریٹجک ضرورت بن چکا ہے۔ انہوں نے کہا، سرکاری ڈیٹا قومی اثاثہ ہے۔ اس کا تحفظ، انتظام اور دستیابی مؤثر حکمرانی، عوامی اعتماد اور ادارہ جاتی کارکردگی کے لیے انتہائی اہم ہے۔ ہم چاہتے ہیں کہ سندھ ڈیجیٹل جدت اور ای گورننس کے شعبے میں قیادت کرے

بقیہ 10

اضلاع اور 12 مہاجر نشستوں پر پولنگ 2 اگست کو ہوگی۔ مظفر آباد ڈویژن تین اضلاع مظفر آباد، نیلم اور ضلع جہلم ویلی پر مشتمل ہے۔ مظفر آباد ڈویژن کے 9 حلقوں میں رجسٹرڈ ووٹرز کی تعداد 8 لاکھ 90 ہزار 6 سو 21 ہے۔ مظفر آباد ڈویژن میں مرد ووٹرز کی تعداد 4 لاکھ 27 ہزار 9 سو 55 ہے۔ مظفر آباد ڈویژن کے تین اضلاع میں خواتین ووٹرز کی تعداد 3 لاکھ 81 ہزار 6 سو 66 ہے۔ جہاں 1 ہزار 4 سو 83 پولنگ اسٹیشن قائم کیے گئے ہیں۔ ضلع مظفر آباد کے 5 حلقوں میں 1205 پولنگ اسٹیشن قائم کیے گئے ہیں۔ ضلع نیلم کے 2 حلقوں میں 278 پولنگ اسٹیشن قائم کیے گئے ہیں۔ ضلع جہلم ویلی کے 2 حلقوں میں 328 پولنگ اسٹیشن قائم ہیں۔ مظفر آباد ڈویژن کے تینوں اضلاع کے 9 حلقوں پر 208 امیدوار میدان میں ہیں۔ دریں اثنا جموں اور ویلی کی 6، 6 نشستوں پر پاکستان میں مقیم کشمیری مہاجرین اپنا ووٹ کاسٹ کریں گے۔ مہاجرین نشستوں پر ووٹنگ کے بعد 12 حلقوں کے نتائج آزاد کشمیر الیکشن کمیشن جاری کرے گا۔ جموں کی چھ نشستیں ایل اے 34 جموں 1 سے ایل اے 39 جموں 6 پر مشتمل ہیں۔ ویلی کی 6 نشستیں ایل اے 40 ویلی 1 سے ایل اے 45 ویلی 6 پر مشتمل ہیں۔

بقیہ 11

پاکستانی سوشل میڈیا اکاؤنٹس پر پابندی لگانا بھارتی حکومت کی عدم برداشت کا مظہر ہے، سعودی عرب کو اپنے دفاع کا مکمل حق ہے، عراقی حکومت کے موقف سے آگاہ نہیں ہیں، افغانستان میں موجود دہشت یونیفارم نہیں پہنتے، پاکستانی حملوں میں سویلین ہلاکتوں کے الزامات مسترد کرتے ہیں، پاکستان دہشتگردوں، ان ٹھکانوں اور ماسٹر مائنڈز کو نشانہ بناتا ہے اور بناتا رہے گا، ثالثی اور دفاعی معاہدہ متضاد نہیں، دفاعی معاہدے بطور ثالث ہمارے کردار سے متصادم نہیں۔ ترجمان دفتر خارجہ طاہر اندرابی نے ہفتہ وار پریس بریفنگ میں کہا کہ فریقین کو اسلام آباد ایم او یو کی جانب دوبارہ لانے کی کوشش کر رہے ہیں، خطے بالخصوص آبنائے ہرمز کی صورتحال معمول پر لانے کے لئے فریقین کے درمیان رابطے جاری ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعظم کی سعودی عرب کے ولی عہد شہزادہ محمد بن سلمان سلمان سے بات چیت ہوئی، وزیر اعظم اور سعودی ولی عہد کے رابطے کے بعد نائب وزیر اعظم اور سعودی وزیر خارجہ کے درمیان بھی بات چیت ہوئی۔ ترجمان کے مطابق نائب وزیر اعظم اسحاق ڈار اور اروتی ہم منصب کی درمیان فلسطین کی بگڑتی ہوئی صورتحال پر بات چیت ہوئی، خطے اور دوطرفہ تعلقات کے تناظر میں کویتی وزیر خارجہ کا دورہ اسلام آباد اہم تھا۔ نائب وزیر اعظم نے کویت کی جانب سے دفاعی تعلقات کو ادارہ جاتی سطح پر منظم کرنے کے لئے دفاعی معاہدے کی توثیق کو سراہا، پاکستان اور کویت نے کئی شعبوں میں تعاون کو فروغ دینے پر اتفاق کیا ہے، پاکستان سمیت 8 عرب اسلامی ممالک نے فلسطین کی تشویشناک صورتحال پر مشترکہ بیان جاری کیا۔ نائب وزیر اعظم کی مصری وزیر خارجہ کے ساتھ بھی مسئلہ فلسطین پر گفتگو ہوئی، پاک مصر وزرائے خارجہ نے فلسطین کی صورتحال پر اظہار تشویش کرتے ہوئے انسانی امداد کی بحالی کا مطالبہ کیا۔ ترجمان دفتر خارجہ نے کہا کہ پاکستان اور مصر کے درمیان دوطرفہ مشاورت کا دور دور چوتھی منعقد کیا گیا، 24 جولائی کو وزارت خارجہ نے کاسمٹیک کے تعاون سے جریدے کا اجرا کیا، 2026 کے جریدے میں سیکریٹری خارجہ سمیت وزارت خارجہ کے عہدیداروں کے آرٹیکلز شامل ہیں۔ پاکستان نے جرمن نشریاتی ادارے کی دستاویزی فلم مسترد کر دی، دستاویزی فلم میں جان بوجھ کر پاکستانی نیوکلیئر پروگرام کے بارے غلط فہمی پھیلانے کی کوشش کی گئی، ڈی ڈبلیو کو بنیادی صحافتی اقدار پر عمل کرنا چاہیے۔ ترجمان دفتر خارجہ نے کہا کہ پاکستان کو اپنے جامع کمانڈ اینڈ کنٹرول سسٹم پر اعتماد ہے، پاکستان کا نیوکلیئر کمانڈ اینڈ کنٹرول سسٹم بین الاقوامی معیار کے مطابق ہے، پاکستانی سوشل میڈیا اکاؤنٹس پر پابندی لگانا بھارتی حکومت کی عدم برداشت کا مظہر ہے۔ انہوں نے کہا کہ خلیج، آبنائے ہرمز اور بحیرہ احمر کی صورتحال تشویشناک ہے، نان اسٹیٹ ایکٹرز کی جانب سے سعودی عرب پر حملوں کی پاکستان نے مذمت کی، پاکستان فریقین کو اسلام آباد ایم او یو کی جانب واپس لانے کی بھرپور کوشش جاری رکھے ہوئے ہے، ہمیں کشیدگی میں کمی اور مذاکرات کی بحالی کی امید ہے۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق پاکستان کارگل کے حوالے سے کئی بار موقف کا اظہار کر چکا ہے، کارگل کا معاملہ اب تاریخ کا حصہ ہے، سابق ریاستی جموں کشمیر کے خطوں پر بھارتی قبضے کو معمول ظاہر کرنا اور قانونی کور دینا ناقابل قبول ہے، سلامتی کونسل کی قراردادوں کے اقوام متحدہ کی نگرانی میں استصواب رائے کی پائیدار حل فراہم کرتا ہے۔ نہوں نے کہا کہ بطور میزبان پاکستان ایس سی او سربراہ اجلاس کے لئے تمام رکن ممالک کو دعوت دینے کا پابند ہے، آئندہ برس ایس سی او سربراہ اجلاس کے لئے پاکستان کی جانب سے تمام رکن ممالک کو دعوت دی جائے گی۔ ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ سعودی عرب کو اپنے دفاع کا مکمل حق ہے، عراقی حکومت کے موقف سے آگاہ نہیں ہیں۔ ترجمان دفتر خارجہ نے کہا کہ دفتر خارجہ ہر صورت پر بیان دینے کا پابند نہیں، ہم ضرورت اور حالات کے مطابق موقف کا اظہار کرتے ہیں، پاک کویت دفاعی معاہدہ جون 2023 میں طے پایا تھا، کویت پاکستان دفاعی معاہدہ دوطرفہ تعلقات کی 4 دہائیوں کے بعد طے پایا

بقیہ 12

تیل کی قیمتوں میں معمولی کمی ریکارڈ کی گئی ہے۔ عرب ٹی وی نے بتایا کہ تجزیہ کاروں کے مطابق باب المندب کے راستے آئل ٹینکرز کی مسلسل آمدورفت نے سپلائی میں تعطل کے خدشات کو کسی حد تک کم کر دیا جس سے قیمتوں پر دباؤ آیا۔ اعداد و شمار کے مطابق برینٹ خام تیل کی قیمت 1.42 فیصد کمی کے بعد 89.45 ڈالر فی بیرل جبکہ امریکی ویسٹ ٹیکساس انٹرمیڈیٹ خام تیل 0.66 فیصد کمی کے ساتھ 83.90 ڈالر فی بیرل پر آگیا

بقیہ 13

پولیس چیک پوسٹ پر فتنہ الخوارج کے دہشت گردوں کے حملے کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ وطنِ عزیز سے بیرونی پشت پناہی میں سرگرم دہشت گردوں اور ان کے سہولت کاروں کا مکمل خاتمہ یقینی بنایا جائے گا۔ جمعرات کو ایوانِ صدر کے پریس ونگ کے مطابق صدرِ مملکت نے کہا کہ پولیس کے بہادر افسران اور جوانوں کی قربانیاں قوم کا سرمایہ ہیں، وطنِ عزیز کے امن کے لئے جانوں کا نذرانہ دینے والے شہدا ہمیشہ یاد رکھے جائیں گے۔ صدرِ مملکت نے شہدا کے درجات کی بلندی، اجلحانہ کے لئے صبر جمیل اور زخمیوں کی جلد صحت یابی کی دعا کرتے ہوئے دہشت گردوں کو انجام تک پہنچانے پر خیبر پختونخوا پولیس کو خراج تحسین کیا۔

بقیہ 14

کمانڈر ان چیف کے ترجمان نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ عراق سے سعودی عرب پر حملے ہونے کے ثبوت کا مطالبہ کرتے ہیں۔ عراقی کمانڈر انچیف کے ترجمان نے کہا ہے کہ کسی فریق نے کوئی ثبوت فراہم نہیں کیا، عراقی خودمختاری کے تحفظ کے منصوبے پر کام کر رہے ہیں۔ اس سے قبل عراق میں امریکی و سعودی حملوں کے بعد عراقی قومی سلامتی کونسل کا ہنگامی اجلاس منعقد ہوا، اجلاس میں امریکی و سعودی حملوں کی مذمت کی گئی اور علاقائی کشیدگی میں کمی پر زور دیا گیا۔ عراقی وزیر اعظم کے دفتر نے بیان جاری کرتے ہوئے کہا ہے کہ حکومت عراق کو علاقائی تنازعات سے دور رکھنے کی پالیسی پر کاربند ہے اور ملکی خودمختاری و استحکام کے تحفظ کے لیے سفارتی اور قانونی ذرائع اختیار کیے جائیں گے۔ خیال رہے کہ امریکی اور سعودی افواج نے عراق میں مبینہ ایرانی حمایت یافتہ ملیشیا کے مراکز پر حملے کیے، جسے سعودی تیل تنصیبات پر ڈرون حملوں کا جواب قرار دیا گیا۔ عراقی ملیشیا کے مطابق عراق کے 7 صوبوں میں امریکی و سعودی مشترکہ فضائی حملوں میں 20 اموات ہوئیں، 32 افراد زخمی ہوئے، حملے ملیشیا کے ہیڈ کوارٹرز پر کیے گئے، سب سے بڑا حملہ صوبے نینوا میں ہوا جہاں 10 افراد مارے گئے۔

بقیہ 15

خان کی بہنوں علیمہ خان اور عظمیٰ خان کے خلاف 4 اکتوبر احتجاج کیس کی سماعت ہوئی، جس میں عدالت نے بانی پی ٹی آئی کی بہنوں کو اشتہاری قرار دے دیا۔ عدالت کی جانب سے علیمہ خان اور عظمیٰ خان کے دائمی وارنٹ گرفتاری بھی جاری کر دیے گئے جبکہ عدالت نے علیمہ خان اور عظمیٰ خان کی جائیدادوں کی تفصیلات بھی طلب کر لی ہیں۔ قبل ازیں پولیس نے آج اشتہاری کی کارروائی مکمل کر کے رپورٹ عدالت میں جمع کروائی، جس پر عدالت نے پولیس رپورٹ کی روشنی میں علیمہ خان اور عظمیٰ خان کو اشتہاری قرار دیا۔

بقیہ 16

میں کام کرنے والی تنظیم "فتنہ الہندوستان" کے دہشت گردوں کی موجودگی کی اطلاع پر 30 جولائی 2026 کو خضدار میں انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کے دوران دو بارود سے بھری گاڑیوں (VBIEDs) کا سراغ لگایا گیا اور انہیں بروقت کارروائی کرتے ہوئے تباہ اور چار چار بھارتی سرپرستی یافتہ دہشت گردوں کو ہلاک کر دیا گیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق علاقے میں دیگر دہشتگردوں کے خاتمے کے لیے کلیئرنس اور سرچ آپریشن جاری ہے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ وفاقی ایجنسی کے انٹیلی ایکشن پلان کے تحت منظور کردہ وژن "عزمِ استحکام" کے مطابق سکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے ادارے ملک سے بیرونی سرپرستی میں ہونے والی دہشت گردی کے مکمل خاتمے تک انسداد دہشت گردی کی کارروائیاں جاری رکھیں گے۔

بقیہ 17

تجاوزات، نکاسی آب، ریلوے کراسنگ، سیف سٹی منصوبے اور ایف سی چیک پوسٹ سے متعلق متعدد اہم احکامات جاری کیے۔ سماعت کے دوران چیف منسٹر کوئٹہ ڈویلپمنٹ پیکج (CMQDP) کے پراجیکٹ ڈائریکٹر محمد رفیق بلوچ نے عدالت میں پیش ہو کر زرغون روڈ، ریلوے اسٹیشن چوک اور امداد چوک کے اطراف ٹریفک کی صورتحال اور مختلف یوٹرن آپشنز پر مبنی تفصیلی رپورٹ اور ویڈیو پریزنٹیشن پیش کی۔ رپورٹ کے مطابق ریلوے اسٹیشن چوک پر چھ

چیئرپرسن بلوچستان کمیشن آن اسٹیٹس آف ویمن محترمہ کرن بلوچ، وزارت انسانی حقوق کے ڈائریکٹر برائے بین الاقوامی تعاون ڈاکٹر عارف لغاری ودیگر کا وزارت انسانی حقوق کے زیر اہتمام محکمہ سماجی بہبود کے اشتراک سے منعقدہ صوبائی مشاورتی اجلاس کے اختتام پر گروپ فوٹو

کشمیر میں مسلم لیگ کی مبینہ دھاندلی عوامی مینڈیٹ کی پامالی ہے، میر علی حسن زہری

پاکستان پیپلز پارٹی کشمیری عوام کے ساتھ کھڑی تھی، کھڑی ہے اور ہمیشہ کھڑی رہے

کشمیری عوام کے ووٹ کی توہین دراصل جمہوریت کی توہین ہے

اسلام آباد (پ ر) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی سینئر رہنما، ترجمان صدر مملکت آصف علی زرداری اور پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کے سینئر صوبائی نائب صدر میر علی حسن زہری نے آزاد جموں و (بقیہ نمبر 1 صفحہ 2 پر)

پولیو کا مکمل خاتمہ حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے، خالد خان

ضلع جعفرآباد کے ہر بچے کو اس موذی مرض سے محفوظ بنانا ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے

جعفرآباد (خ ن) ڈپٹی کمشنر جعفرآباد خالد خان نے بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلا کر ضلع بھر میں انسداد پولیو مہم کا باضابطہ افتتاح کر دیا افتتاحی تقریب میں محکمہ صحت کے افسران، ڈاکٹرز، پیرا میڈیکل اسٹاف، پولیو ورکرز اور متعلقہ عملے نے شرکت کی اس موقع پر (بقیہ نمبر 2 صفحہ 2 پر)

تربت یونیورسٹی اور انجینئرنگ یونیورسٹی خضدار کے مابین مفاہمتی یادداشت پر دستخط

معاہدے کے تحت متعلقہ جامعات میں نالج کارنرز بھی قائم کیے جائیں گے

تربت (پ ر) یونیورسٹی آف تربت اور بلوچستان یونیورسٹی آف انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی خضدار کے مابین ریواوِل آف بلوچستان واٹر ریسورسز پروگرام پر عملدرآمد کے لیے ایک اہم مفاہمتی یادداشت (ایم او یو) پر دستخط کیے گئے ہیں۔ اس معاہدے کے تحت دونوں جامعات (بقیہ نمبر 3 صفحہ 2 پر)

معذور طالب علم رفیع اللہ کا ڈاکٹر بننے کا خواب حکومت کا عزم ہے، سرفراز بگٹی

تعلیم اور علاج کے تمام اخراجات صوبائی حکومت برداشت کرے گی، وزیراعلیٰ بلوچستان

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے دونوں ہاتھوں سے معذور مگر غیر معمولی عزم اور حوصلے کے حامل ہونہار طالب علم رفیع اللہ کو چیف منسٹر سیکرٹریٹ مدعو کر کے (بقیہ نمبر 88 صفحہ 2 پر)

میر ضیاء اللہ لانگو کی انتظامیہ سے رابطہ، خالق آباد بازار دوبارہ کھل گیا

خالق آباد بازار میں تجارتی سرگرمیاں بحال ہوتے ہی شہریوں نے بازاروں کا رخ کیا

قلات (خ ن) صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو کی جانب سے ضلعی انتظامیہ سے رابطہ کے بعد خالق آباد بازار میں تجارتی سرگرمیاں بحال (بقیہ نمبر 9 صفحہ 2 پر)

کوئٹہ، صوبائی وزیر بخت محمد کاکڑ سے قیصر محمود خان کی رہائشگاہ پر، ارشد گجر، الطاف گجر اور دیگر ملاقات کر رہے ہیں

ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر لسبیلہ کا جام محمد یوسف عالیانی پبلک لائبریری اوتھل کا دورہ

اوتھل لائبریری میں قارئین کے لئے مزید سہولیات کی فراہمی کے لئے اقدامات کئے جا رہے ہیں، سراج احمد

اوتھل (خ ن) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر لسبیلہ سراج احمد بلوچ نے جام محمد یوسف عالیانی پبلک لائبریری اوتھل کا دورہ کیا، ایس ڈی او بی اینڈ آر لطیف بلوچ و بلوچستان اسپیشل ڈویلپمنٹ (بقیہ نمبر 10 صفحہ 2 پر)

بجلی کی سہولت نہ ہونے اور گرمی نے مکینوں کی زندگی اجیرن کر دی

گاؤں صوفی غلام مصطفیٰ جکھرانی اور فیض آباد جکھرانی کے مکین سندھ حکومت کے سولر سسٹمز کے منتظر

جیکب آباد (رپورٹ انیس جکھرانی): تحصیل گڑھی خیرو کے پسماندہ علاقوں میں شدید گرمی اور حبس کی لہر نے غریب عوام کا جینا محال کر رکھا ہے، جبکہ دوسری جانب سندھ (بقیہ نمبر 11 صفحہ 2 پر)

حب، سندھ اور بلوچستان کے اعلیٰ افسران جوائنٹ میٹنگ میں شہید ڈی ایس پی مرید بگٹی کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

تربت ناصر آباد سے 6 مزدوروں کی گولیاں لگی لاشیں برآمد

شہید 6 مزدوروں میں سے 4 کا تعلق پنجاب اور 2 کا خیبر پختونخوا سے ہے، واقعہ کی تحقیقات جاری ہیں

نامعلوم مسلح افراد دیگر 6 مزدوروں کو ساتھ لے گئے تھے جن کی لاشیں تربت میں ناصر آباد سے ملیں ہیں، پولیس

کیچ (این این آئی) ضلع کیچ کے شہر تربت کے علاقے ناصر آباد سے 6 افراد کی لاشیں ملی ہیں۔ پولیس کے مطابق لاشوں پر گولیوں کے نشانات ہیں، واقعہ کی تحقیقات جاری ہیں۔ معاون میڈیا امور برائے وزیر داخلہ بابر یوسفزئی کے مطابق تربت سے (بقیہ نمبر 17 صفحہ 2 پر)

خاران میں نامعلوم مسلح افراد نے 2 ٹرکوں کو آگ لگا دی

کوئٹہ (این این آئی) خاران میں نامعلوم مسلح افراد نے 2 ٹرکوں کو آگ لگا دی۔ پولیس کے مطابق خاران کے علاقے سی پیک روڈ پر نامعلوم مسلح افراد نے ناکہ بندی کے دوران 2 ٹرکوں کو آگ لگا دی جس سے ٹرک جل کر خاکستر ہو گئے تاہم کوئی جانی نقصان نہیں ہوا۔

ترقیاتی منصوبوں کو مقررہ مدت کے اندر اعلیٰ معیار کے ساتھ مکمل کیا جائے

ترقیاتی کاموں میں شفافیت معیار اور رفتار کو ہر صورت یقینی بنایا جائے، رفیق بلوچ

حب (خ ن) ضلع حب میں جاری ترقیاتی منصوبوں پر پیش رفت معیار اور رفتار کا جائزہ لینے کے لیے پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ (پی اینڈ ڈی) مانیٹرنگ اینڈ ایویلیوایشن کے ڈائریکٹر رفیق بلوچ کی سربراہی میں اعلیٰ سطحی ٹیم نے مختلف ترقیاتی منصوبوں کا تفصیلی دورہ (بقیہ نمبر 18 صفحہ 2 پر)

جعفرآباد پولیس کی منشیات کے خلاف بڑی کارروائی

55 کلوگرام چرس اسمگل کرنے کی کوشش ناکام

کوئٹہ (پ ر) جعفرآباد پولیس نے منشیات کے خلاف بڑی کارروائی کرتے ہوئے کوئٹہ سے سندھ 55 کلوگرام چرس اسمگل کرنے کی کوشش ناکام بنا کر تین ملزمان کو گرفتار (بقیہ نمبر 19 صفحہ 2 پر)

ہنگو آئی جی خیبر پختونخوا ذوالفقار حمید دہشت گردوں کے ساتھ جھڑپ میں زخمی ہونے والے پولیس اہلکاروں کی عیادت کر رہے ہیں

جھل مگسی، فائرنگ، ایک شخص جاں بحق

جھل مگسی (یو این اے) جھل مگسی نیو گوٹھ کے علاقے میں مبینہ طور پر پرانی دشمنی کے باعث فائرنگ کر کے ایک شخص کو قتل کر دیا گیا۔ پولیس کے مطابق مقتول کی شناخت فرمان علی ولد غلام حسین مگسی کے نام سے ہوئی ہے، جو جھل مگسی نیو گوٹھ کا رہائشی بتایا جاتا ہے۔

نوتال، فائرنگ سے کاشتکار جاں بحق

کوئٹہ / نصیر آباد (یو این اے) نوتال قومی شاہراہ پر نامعلوم مسلح افراد کی فائرنگ سے ایک کاشتکار جاں بحق ہو گیا، جبکہ ملزمان واردات کے بعد فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے۔ ڈی ایس پی ثمن علی کے مطابق مقتول اپنی زرعی زمینوں پر کام کر رہا تھا کہ اس دوران مسلح افراد نے اسے نشانہ بنایا۔ فائرنگ کے نتیجے میں وہ موقع پر ہی جاں بحق ہو گیا۔

معصوم شہریوں کو نشانہ بنانے والے عناصر امن اور بلوچستان کے روشن مستقبل کے دشمن ہیں، رند

ایسے بزدلانہ افعال سے دہشتگردوں کے مکروہ عزائم کبھی کامیاب نہیں ہوں گے، ریاست پوری قوت کے ساتھ ان کا مقابلہ کرتی رہے گی

معصوم مزدوروں کے خون سے ہاتھ رنگنے والے دہشتگرد کسی رعایت کے مستحق نہیں، دہشتگردی کے خلاف کارروائیاں پوری قوت، عزم اور تسلسل کے ساتھ جاری رہیں گی

کوئٹہ (خ ن) معاون وزیر اعلیٰ بلوچستان برائے اطلاعات وسیاسی امور شاہد رند نے ضلع کیچ میں بے گناہ مزدوروں کے بہیمانہ قتل کے واقعے کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ معصوم شہریوں کو نشانہ بنانے والے عناصر انسانیت، امن اور بلوچستان کے روشن مستقبل کے دشمن ہیں اپنے ایک بیان میں شاہد رند نے کہا کہ دہشتگردوں نے نہتے مزدوروں کو شہید کر کے نہ صرف قیمتی انسانی جانیں ضائع کیں بلکہ بلوچستان کی ترقی، معاشی سرگرمیوں اور عوام کے روزگار کو نقصان پہنچانے کی مذموم کوشش بھی کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایسے بزدلانہ افعال سے دہشتگردوں کے مکروہ عزائم (بقیہ نمبر 20 صفحہ 2 پر)

طلبہ اعلیٰ تعلیم کے حصول کو اپنی ترجیح بنائیں، ڈاکٹر احسان اللہ کاکڑ

تعلیم نوجوان نسل کی فکری، اخلاقی اور پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو نکھارنے کا مؤثر ذریعہ ہے

لورالائی (خ ن) کیپٹن وقار کاکڑ شہید بلوچستان ریزیڈنشل کالج (بی آر سی) لورالائی کے جماعت نہم اور دہم کے طلبہ نے تعلیمی و مطالعاتی دورے کے سلسلے میں یونیورسٹی آف لورالائی کا دورہ کیا۔ طلبہ کے وفد کے ہمراہ کالج کے اساتذہ پروفیسر احسان اور پروفیسر ذوالفقار بھی (بقیہ نمبر 21 صفحہ 2 پر)

آل بلوچستان گورنمنٹ کنٹریکٹر ایسوسی ایشن کے زیر اہتمام منعقدہ تقریب سے چیئرمین ملک عبدالغفار مندوخیل، صدر عبدالسلام لانگو، ملک مجیب مہترزئی، صلاح الدین کبزئی، عیسیٰ روشان، حاجی دارا خان جوگیزئی، عزیز خان کھیتران، سردار خیبر افغان، ودیگر مقررین خطاب کر رہے ہیں

وزیر اعلیٰ کو تمام نمائندوں کی حمایت حاصل، تبدیلی کا کوئی امکان نہیں، فیصل جمالی

سیاسی استحکام، امن وامان اور ترقیاتی عمل کے تسلسل کے لیے موجودہ صوبائی حکومت اپنی ذمہ داریاں بھرپور انداز میں ادا کر رہی ہے

صوبائی حکومت امن وامان کے قیام اور عوامی مسائل کے حل کے لیے پرعزم ہے، صوبائی وزیر لائیو اسٹاک

اوستہ محمد (یو این اے) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما و صوبائی وزیر لائیو اسٹاک سردار زادہ فیصل خان جمالی نے کہا ہے کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی ہرگز تبدیل نہیں ہوں گے، انہیں منتخب عوامی نمائندوں اور بلوچستان کی غیور عوام کی مکمل حمایت حاصل ہے۔ صوبائی حکومت عوام کے جان و مال کے تحفظ اور انہیں زندگی کی بنیادی سہولیات کی فراہمی کو اپنی اولین ترجیحات میں شامل کیے ہوئے ہے (بقیہ نمبر 4 صفحہ 2 پر)

خضدار سے 3 افراد کی لاشیں برآمد، اسپتال منتقل کر دی گئیں

خضدار (یو این اے) بلوچستان کے ضلع خضدار سے تین افراد کی لاشیں برآمد ہوئی ہیں، جنہیں قانونی کارروائی کے لیے اسپتال منتقل کر دیا گیا ہے۔ ذرائع کے مطابق برآمد ہونے والی لاشوں کا تعلق خضدار کے علاقے مولہ سے بتایا جا رہا ہے۔ تاہم فوری طور پر ان افراد کی ہلاکت کی وجوہات اور دیگر تفصیلات سامنے نہیں آ سکیں۔ متعلقہ حکام کے مطابق لاشوں کو ضروری کارروائی اور شناخت کے مراحل مکمل کرنے کے لیے اسپتال منتقل کر دیا گیا

ڈیرہ مراد جمالی، پولیس اور مسلح ملزمان کے درمیان شدید فائرنگ ایک پولیس کانسٹیبل شہید

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) ڈیرہ مراد جمالی کے قریب ربی کے علاقے میں پولیس اور مسلح ملزمان کے درمیان شدید فائرنگ ایک پولیس کانسٹیبل شہید ہو گیا پولیس اور مسلح ملزمان کے درمیان فائرنگ جاری مذید نفری طلب کر لی گئی پولیس کے مطابق ڈیرہ مراد جمالی کے قریب پولیس تھانہ نوتال کی حدود ربی کے علاقے میں مسلح ملزمان کی موجودگی کی اطلاع پر پولیس کا علاقے کا گھراؤ شدید فائرنگ کے تبادلے میں ایک پولیس کانسٹیبل رفیق احمد سیال پٹہ نمبر 269c موقع پر ہی شہید ہو گیا

قلات، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کے زیر اہتمام معلوماتی سیمینار کا انعقاد

قلات (یو این اے) علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کے زیر اہتمام خان میر احمد یار خان پریس کلب میں معلوماتی سیمینار، نئے داخلوں کی مہم کے حوالے سے آگاہی بریفنگ، تفصیلات کے مطابق علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی (AIOU) قلات ریجن کے زیر اہتمام خان میر احمد یار خان پریس کلب قلات کے صحافیوں کے لئے ایک روزہ معلوماتی سیمینار کا انعقاد کیا گیا

کوہلو: مقامی صحافی نذر بلوچ قلندرانی سابق ایف سی کمانڈنٹ بریگیڈیئر فاروق اشرف کو علاقے میں امن، ترقی اور عوامی خدمات کے اعتراف میں اعزازی شیلڈ پیش کر رہے ہیں،

شہریوں کے جان و مال کا تحفظ ریاست کی بنیادی آئینی ذمہ داری ہے، حافظ محمد صدیق مدنی

بلوچستان اور خیبر پختونخوا میں بدامنی تشویشناک، عوام کے جان و مال کا تحفظ یقینی بنایا جائے

کوئٹہ (پ ر) جمعیت علماء اسلام چمن بلوچستان کے رہنماء حافظ محمد صدیق مدنی نے بلوچستان اور خیبر پختونخوا میں امن وامان کی مسلسل بگڑتی ہوئی صورتحال پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ شہریوں کے جان و مال کا تحفظ ریاست کی بنیادی آئینی ذمہ داری (بقیہ نمبر 5 صفحہ 2 پر)

جمعیت نظریاتی، عوامی اور جمہوری جماعت ہے مولانا عبدالرحمٰن رفیق

مولانا فضل الرحمٰن کی سیاسی، پارلیمانی، آئینی اور قومی خدمات ایک روشن حقیقت ہیں

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر شیخ الحدیث مولانا عبدالرحمٰن رفیق، سیکرٹری جنرل حاجی عین اللہ شمس، سینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد، سیکرٹری اطلاعات عبدالغنی شہزاد، عبدالصمد حقیار، مفتی محمد ابوبکر، عبدالباری شہزاد، مولانا جمال الدین حقانی، (بقیہ نمبر 6 صفحہ 2 پر)

14 اگست کی تقریبات کے تمام انتظامات بروقت مکمل کیے جائیں، حبیب احمد بنگلزئی

یوم آزادی ہمیں پاکستان کی آزادی کی قدر، قومی یکجہتی، اتحاد اور ملکی ترقی کے عزم کی تجدید کا موقع فراہم کرتا ہے

چمن (خ ن) ڈپٹی کمشنر چمن حبیب احمد بنگلزئی کی زیر صدارت 14 اگست یوم آزادی پاکستان کی تقریبات کے انتظامات اور تیاریوں کے حوالے سے اہم اجلاس ڈپٹی کمشنر میٹنگ ہال چمن میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں ڈی ایس پی چمن اشفاق احمد ایم ایس نیو ڈی ایچ کیو (بقیہ نمبر 7 صفحہ 2 پر)

اسلام آباد وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی ودیگر شرکاء جناح کنونشن سینٹر میں پاکستان اکنامک سمٹ میں شریک ہیں

آر ایچ سی ہسپتال کو شام کے اوقات میں بھی مکمل طور پر فعال رکھا جائے، میر فدا حکیم رند

آر ایچ سی ہسپتال میں مادر اینڈ چائلڈ شعبہ فعال اور شام کی او پی ڈی شروع کی جائے

مند (پ ر) مکران کے معروف شخصیت میر فدا حکیم رند نے کہا ہے کہ آر ایچ سی ہسپتال مند میں مادر اینڈ چائلڈ کے شعبے کو فوری طور پر فعال کرنے کی اشد ضرورت ہے، کیونکہ گزشتہ چند برسوں کے دوران مند کی آبادی میں نمایاں اضافہ ہوا ہے، جس کے باعث صحت کی سہولیات پر دباؤ بھی بڑھ گیا ہپاس میں اکسرا مشین (بقیہ نمبر 12 صفحہ 2 پر)

ہنہ اوڑک میں کوئلے کی کان میں دھماکا، متعدد افراد کے پھنس گئے

پی ڈی ایم اے کی ریسکیو ٹیمیں موقع پر پہنچ گئیں، کان حادثے کی صورتحال کی نگرانی جاری

کوئٹہ (یو این اے) کوئٹہ کے علاقے ہنہ اوڑک میں کوئلے کی ایک کان میں دھماکے کے نتیجے میں متعدد افراد کے اندر پھنسے ہونے کی اطلاع موصول ہوئی ہے۔ بلوچستان پروونشل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی (پی ڈی ایم اے) کے مطابق ہنہ اوڑک تھانے کے ایس ایچ او نے اطلاع (بقیہ نمبر 13 صفحہ 2 پر)

سیوی، شہر میں قائم غیر ضروری اور اضافی اسپیڈ بریکرز کے خاتمے کے احکامات جاری

میر چاکر روڈ، ہرنائی پھاٹک، اور دیگر شاہراہوں پر قائم غیر ضروری اسپیڈ بریکرز کو مرحلہ وار ہٹا دیا

سیوی (خ ن) شہریوں کی جانب سے سوشل میڈیا پر موصول ہونے والی شکایات اور عوامی سہولت کو مدنظر رکھتے ہوئے ڈپٹی کمشنر سیوی میجر (ر) الیاس کبزئی نے فوری نوٹس (بقیہ نمبر 14 صفحہ 2 پر)

کوئٹہ، مرکزی انجمن تاجران بلوچستان کے صدر عبدالرحیم کاکڑ، حاجی دولت خان لہڑی اور دیگر پریس کانفرنس کر رہے ہیں

نوشکی میں کرفیو بلوچستان کے سنگین امن وامان کے بحران کی عکاسی کرتا ہے، ڈاکٹر حمیرا

بلوچستان ایک عرصہ دراز سے بدامنی، دہشت گردی اور احساسِ محرومی کی زد میں ہے، طارق ثمینہ سعید

لاہور (پ ر) حلقہ خواتین جماعت اسلامی پاکستان کی سیکرٹری جنرل ڈاکٹر حمیرا طارق اور ڈپٹی سیکرٹری، ڈائریکٹر میڈیا سیل اور سابق رکن بلوچستان اسمبلی ثمینہ سعید نے اپنے مشترکہ بیان میں ضلع نوشکی میں امن وامان کی ابتر صورتحال (بقیہ نمبر 15 صفحہ 2 پر)

محنت کش افراد کو نشانہ بنانا انسانیت کے خلاف کھلا جرم ہے، سردار عبدالرحمٰن کھیتران

کیچ میں دہشت گردوں کے ہاتھوں 6 بے گناہ غیر مقامی مزدوروں کا قتل قابل مذمت ہے

کوئٹہ (این این آئی) سابق صوبائی وزیر و رکن بلوچستان اسمبلی سردار عبدالرحمٰن کھیتران نے بلوچستان کے ضلع کیچ میں دہشت گردوں کے ہاتھوں 6 بے گناہ غیر مقامی مزدوروں کے قتل کے افسوسناک واقعے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے شہداء (بقیہ نمبر 16 صفحہ 2 پر)

ملک پر کٹھ پتلی زرداری کی غیر نمائندہ حکومت مسلط ہے

پشتونخوا میپ

پشتونخوا میپ کی 28 ویں برسی پر انہیں زبردست خراج عقیدت پیش کرتے ہیں، پارٹی ان کے نقش قدم پر چلتے ہوئے ملی اور ارمانوں کی تکمیل کرے گی

صوبے میں بدامنی کی جاری لہر، دہشتگردانہ، سفاکانہ واقعات کا تسلسل دراصل حکومتی سرپرستی میں جاری ہے

کوئٹہ (این این آئی) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے سابق مرکزی جنرل سیکرٹری اروشاد شیر علی باچا کی 28 ویں برسی کے موقع پر پارٹی کے مرکزی سیکرٹریٹ میں پارٹی کے ڈپٹی چیئرمین عبدالرؤف لالا کے زیر صدارت تعزیتی ریفرنس منعقد ہوا۔ جس سے پشتونخوا میپ کے (بقیہ نمبر 22 صفحہ 2 پر)

خاران میں نامعلوم مسلح افراد نے 2 ٹرکوں کو آگ لگا دی

کوئٹہ (این این آئی) خاران میں نامعلوم مسلح افراد نے 2 ٹرکوں کو آگ لگا دی۔ پولیس کے مطابق خاران کے علاقے سی پیک روڈ پر نامعلوم مسلح افراد نے ناکہ بندی کے دوران 2 ٹرکوں کو آگ لگا دی جس سے ٹرک جل کر خاکستر ہو گئے تاہم کوئی جانی نقصان نہیں ہوا۔ خاران پولیس مزید کارروائی کر رہی ہے۔

پولیس نے مختلف کارروائیوں کے دوران 19 افراد کو گرفتار کر کے اسلحہ برآمد کر لیا

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) ڈیرہ مراد جمالی اور حاجی شہر پولیس کے مختلف مقامات پر چھاپہ مار کارروائیاں ایک قبائلی شخصیت سمیت 19 افراد کو گرفتار کر لیا گیا گرفتار افراد سے اسلحہ و دیگر سامان برآمد کر لیا گیا پوچھ گچھ شروع پولیس کے مطابق سی آئی اے نصیر آباد اور منگولی پولیس نے انجلنس بیسڈ پر چھاپہ مار کارروائیاں کرتے ہوئے چار اشتہاری ملزمان خادم حسین ادم خان ظہور احمد اور الٰہی بخش کو گرفتار کر لیا گیا ملزمان (بقیہ نمبر 24 صفحہ 2 پر)

کوئٹہ پولیس نے 4 افراد کو گرفتار کر کے اسلحہ قبضے میں لے لیا

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ پولیس نے 4 افراد کو گرفتار کر کے اسلحہ قبضے میں لے لیا۔ پولیس کے مطابق ایس ایس پی آپریشنز کوئٹہ ضیاء الحق مندوخیل، ایس پی صدر ڈویژن شفقت جنجوعہ اور ڈی ایس پی ایئرپورٹ سرکل عبدالرب کاکڑ کی خصوصی ہدایات پر ایس ایچ او تھانہ شہید جمیل کاکڑ نوید خان کاکڑ نے اپنی ٹیم کے ہمراہ نجی گن مین اور غیر قانونی اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کامیاب کریک ڈاؤن کیا کارروائی کے دوران 4 ملزمان کو گرفتار کر کے ان کے قبضے سے 2 ایس ایم جیز، ایک اسنائپر رائفل اور ایک جی تھری رائفل برآمد کر لی

پبلشر نذیر احمد نے سعید پرنٹنگ پریس مندوخیل پلازہ مشن روڈ سے چھپوا کر دفتر روزنامہ گوادر بزنس کوئٹہ یونیورسل کمپلیکس آفس نمبر 10 فیز 1 انڈر گراؤنڈ کالون روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔
فون نمبر 0302-3883706
اسلام آباد بیورو چیف 0300-9731626

ونڈر کے مختلف سرکاری اسکولوں میں خصوصی صفائی مہم کا آغاز

تعلیمی اداروں کی صفائی اور خوبصورتی ہماری اولین ترجیحات میں شامل ہے، امام بخش برہ

سونمیانی ونڈر (نمائندہ گوادر بزنس) سرکاری اسکولوں کی موسم گرما کی تعطیلات کے اختتام اور نئے تعلیمی سیشن کے آغاز کے موقع پر میونسپل کمیٹی ونڈر نے تعلیم دوستی عوامی خدمت اور تعلیمی اداروں سے اپنی وابستگی کی شاندار مثال قائم کرتے ہوئے ونڈر کے مختلف سرکاری (بقیہ نمبر 23 صفحہ 2 پر)

ونڈر، نئے تعلیمی سیشن سے قبل میونسپل کمیٹی ونڈر کا عملہ سرکاری سکولوں میں صفائی ستھرائی میں مصروف ہے

انسران کی ناقص کارکردگی یا غیر حاضری کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی، نور احمد پرکانی

موسمیاتی تبدیلیوں اور بڑھتی ہوئی ماحولیاتی آلودگی کے تناظر میں بیپا کی مؤثر کارکردگی ناگزیر ہے

کوئٹہ (این این آئی) سیکرٹری ماحولیات و موسمیاتی تبدیلی نور احمد پرکانی نے بلوچستان انوائرمنٹ پروٹیکشن ایجنسی (بیپا) کے دورے کے دوران ادارے کی کارکردگی، جاری منصوبوں، عوامی شکایات، ماحولیاتی قوانین پر عملدرآمد اور درپیش مسائل سے متعلق تفصیلی (بقیہ نمبر 25 صفحہ 2 پر)

جدید بس اسٹاپس کا منصوبہ عوام دوست اقدام ہے، سید صادق آغا

شہریوں کو باوقار، محفوظ اور آرام دہ سفری سہولیات کی فراہمی قابل تحسین ہے، پی ٹی آئی بلوچستان

کوئٹہ (یو این اے) پاکستان تحریک انصاف بلوچستان کے صوبائی سینئر نائب صدر اور معروف قبائلی شخصیت سید صادق آغا نے ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی کی جانب سے شہریوں کو جدید سفری سہولیات کی فراہمی کے لیے کیے گئے اقدامات کو سراہتے ہوئے انہیں بہترین، عوام دوست اور قابل تقلید قرار دیا ہے۔ سید صادق آغا نے کہا کہ ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی (بقیہ نمبر 26 صفحہ 2 پر)

کوئٹہ، انجمن تاجران بلوچستان کے صدر رحیم آغا، جنرل سیکرٹری ولی افغان حاجی اسلم ترین، حاجی داؤد خلجی اور دیگر پریس کانفرنس کر رہے ہیں

بلوچستان، سندھ سرحد پر دہشتگردی اور اسمگلنگ کے خلاف مشترکہ ایکشن پلان تیار

حب میں سندھ اور بلوچستان پولیس کا اعلیٰ سطحی اجلاس، نئی چیک پوسٹوں اور سخت سرحدی نگرانی پر اتفاق

دونوں صوبوں کی پولیس کا مشترکہ آپریشنز پر اتفاق، انٹیلی جنس معلومات کے فوری تبادلے کا فیصلہ

کوئٹہ (خ ن) سندھ اور بلوچستان کی بین الصوبائی سرحد کی سیکیورٹی کے حوالے سے حب میں اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں دونوں صوبوں کا معلومات کا تبادلہ اور جرائم پیشہ افراد کے خلاف مطلوب، عدالت سے مفرور سزا یافتہ، اشتہاری اور دوسرے جرائم میں ملوث مجرمان کا تبادلہ ان کے خلاف بروقت کارروائی اور ایک صوبے سے دوسرے صوبے میں نقل و حرکت کا تدارک کرنا ہے۔ تمام اقسام کی (بقیہ نمبر 27 صفحہ 2 پر)